78. ***Mr. Hamzo Khan Palijo:** Will the Minister for Food, Agriculture and Cooperatives be pleased to state the total quantity of Sugar produced, consumed and imported during the year 1985-86 ?

**Mr. Muhammad Ibrahim Baluch:** The required information is as follows :—

| | (Metric tons) |
|---|---|
| (a) Production | 11,16,284 |
| (b) Estimated consumption | 15,00,000 |
| (c) Imports | 6,29,695 |

(79 & 80. *Deferred for 29th January, 1987.*)

NUMBER OF PEOPLE FROM FATA IN RAILWAY SERVICE

81. ***Malik Faridullah Khan:** Will the Minister for Railways be pleased to state :

(a) the total number of employees recruited grade-wise in the Ministry of Railways from January 1985 to December 1986 giving the figures separately for each grades ; and

(b) the total number of employees in corresponding grades recruited from FATA in the Ministry of Railways during the above period ?

**Mr. Nisar Mohammad Khan:** (a) The following recruitment have been made from January, 1985 to December, 1986 in the Ministry of Railways, Islamabad.

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Lower Division Clerks (B-5) | 16 |
| 2. | Upper Division Clerks (B-7) | 8 |

| | | |
|---|---|---|
| 3. | Assistants (B-11) ................................ | 16 |
| 4. | Stenotypists (B-12)............................... | 9 |
| 5. | Stenographers (B-15) ............................ | 3 |
| 6. | Staff Car Drivers (B-4) ........................ | 2 |
| 7. | Naib Qasids (B-1) ............................... | 25 |
| | Total .... | 79 |

(b) None from NA/FATA region has been recruited against the aforesaid appointments because none from NA/FATA region applied for these posts.

*Note :* If the information required is for the entire Railway, the same is being collected.

AWARD OF CONTRACT BY PASNI FISH HARBOUR AUTHORITY

82. ***Prof. Khurshid Ahmad:** Will the Minister for Food, Agriculture and Cooperatives be pleased to state :

(a) whether it is correct that gross irregularities have been committed by the Pasni Fish Harbour Authority in the award of contract to a German firm against the advice of the International Consultants ; and

(b) whether it is a fact that due to the above contract the cost involved would increase and the successful completion of the project would be jeopardised ?

**Mr. Muhammad Ibrahim Baluch:** (a) No. It is not correct.

(b) Does not arise.

LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین : اچھا جی - پہلے دو رخصت کی درخواستیں ہیں۔
بریگیڈئر (ریٹائرڈ) عبدالقیوم خان صاحب نے اپنی علالت کی وجہ سے

ایوان سے ۶ جنوری تا ۱۵ جنوری ۱۹۸۷ء رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب محمد اسلام شیخ صاحب نے ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۸ تا ۱۲ جنوری ۱۹۸۷ء رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

## DISCUSSION ON THE RECENT UNFORTUNATE HAPPENINGS IN KARACHI

جناب چیئرمین: آج کے ایجنڈے پر کوئی پندرہ مقرر ہیں میری درخواست ہو گی کہ اگر آج ہی یہ بحث نمٹا لی جائے تو معمول کی کارروائی خواہ وہ وقفۂ سوالات ہیں یا پریولیج و ایڈجرنمنٹ موشنز ہیں اگلے دن کے اجلاس سے پھر شروع کر سکیں گے۔ ایک دفعہ پھر میں درخواست کروں گا کہ جہاں تک ہو سکے اپنی تقاریر کو مختصر رکھیں تاکہ مقررہ وقت میں یہ بحث ختم ہو سکے۔ جناب میجر جنرل شیریں دل خان نیازی صاحب۔

میجر جنرل (ریٹائرڈ) شیریں دل خان نیازی: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ شکریہ جناب چیئرمین! میں وزیر داخلہ اسلم خٹک صاحب کا نہایت ہی مشکور و ممنون ہوں کہ انہوں نے ہمیں موقع دیا کہ ہم کراچی killings پر بحث کر سکیں۔ جناب والا! میں آپ کی وساطت سے وزیر اعظم صاحب سے بھی درخواست کرنا چاہتا ہوں کہ ماسکو اور کابل سے جو positive indications آئی ہیں وزیر خارجہ صاحب جینوا جانے سے پہلے پارلیمنٹ کو اعتماد میں لیں اور اس افغان مسئلے پر جو پاکستان کے لئے ایک بہت بڑا مسئلہ بن چکا ہے بحث کرے۔ قرآن میں لکھا ہوا ہے کہ جب بھی دشمن امن کے لئے ہاتھ بڑھاتا ہے تو اس کو grab کرنا چاہیئے۔ ابھی یہ جو positive indications ماسکو اور کابل سے آئی ہیں ان پر نہایت سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنا چاہیئے۔ ہمیں وزیر خارجہ صاحب جانے سے پہلے بتائیں۔

جناب والا! اب میں کراچی killings پر آتا ہوں۔ جو شاید پاکستان کی تاریخ میں سب سے زیادہ شرمناک اور عبرتناک حادثہ ہے۔ کراچی killings کا یہ واقعہ جو شاید دسمبر ۱۲ یا ۱۳ کا واقعہ ہے نہایت شدید ہے۔ اس واقعہ نے پاکستان کی آئیڈیالوجی کو ہلا دیا ہے۔ قرآن کے مطابق اگر ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو قصداً قتل کرتا ہے تو جہنم میں جائے گا۔ ہمارے پیارے نبیؐ تو یہاں تک کہہ چکے ہیں کہ مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے کسی کو نقصان نہ پہنچے۔ آج تو ہم مسلمان ہونے کے دعویدار بھی نہیں بن سکتے۔ مگر ظلم کی بات یہ ہے کہ جو لاء اینڈ آرڈر کے ذمہ دار ہیں وہ ابھی تک دندناتے پھر رہے ہیں انہیں نہ تو برخاست کیا گیا ہے اور نہ ہی ان کے خلاف کوئی ایکشن لیا گیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ امن عامہ کا مسئلہ صوبائی ہے اور صوبائی مسئلہ ہونے کی حیثیت سے سندھ گورنمنٹ میرے خیال میں miserably fail ہوئی ہے بجائے اس کے کہ چیف منسٹر جو امن عامہ کے انچارج بھی ہیں، استعفیٰ بھی دیتے، انہوں نے گورنر صاحب کو چلتا کر دیا۔ ہمارے next door neighbour India میں شاستری کے زمانے میں ایک ریلوے منسٹر تھا اس نے ایک ریلوے accident پر استعفیٰ دے دیا تھا۔

لاء اینڈ آرڈر کوئی معمولی بات نہیں ہے maintenance of law and order کا ذمہ دار عملہ خواہ وہ آئی جی پولیس ہے یا وہ ڈپٹی کمشنر ہے انہوں نے کام ٹھیک نہیں کیا میں تو یہاں تک کہوں گا کہ ۱۴ دسمبر کو جو گڑبڑ ہوئی ہے۔ اس کے متعلق مجھے ابھی تک پتہ نہیں ہے کہ اس کی انکوائری ہو رہی ہے یا نہیں یا انکوائری کا آرڈر بھی ہوا ہے یا نہیں ہوا ہے، یہ حالت ہے اس ملک کے لاء اینڈ آرڈر کی۔ جو پہلی انکوائری ہوئی تھی جو ۳۱ اکتوبر اور یکم نومبر کو چیف جسٹس صاحب نے انکوائری کی تھی اس کی proceedings پریس میں آ رہی ہیں اس مسئلہ کو حل کرنے والے لاء اینڈ آرڈر انفورسنگ ایجنسیز بھی ہو سکتی ہیں مگر پبلک کا بھی اس میں بڑا ہاتھ ہے۔ ہم سب نے اس ملک کو چلانا ہے یہ ایک ہاتھ سے نہیں چلے گا۔ اس سے پہلے کہ میں تفصیلات میں جاؤں میں لاء اینڈ آرڈر انفورسنگ

ایجنسیز کی سب سے زیادہ ضروری ایجنسی فیڈرل اور پراونشل انٹیلی جنس ہیں یہ کہاں گئے سب سوئے رہے ان کے ہیڈز آف ڈیپارٹمنٹس کو یا تو remove کیا جائے یا ان سے پوچھا جائے کہ کیوں حکومت کو in advance warn نہیں کیا گیا کہ یہ گڑ بڑ ہوگی۔میں نے اس معاملے میں سردار رشید صاحب سے جو کہ ہمارے سابق وزیر داخلہ بھی رہ چکے ہیں اور پولیس میں نوکری بھی کر چکے ہیں سے دریافت کیا کہ گورنمنٹ آف انڈیا کے زمانے میں انٹیلی جنس والے آپ کو کیسے سمری پیش۔اپ کرتے تھے انہوں نے مجھے بتایا کہ daily situation report کے ساتھ وہ futuristic prediction بھی دے دیتے تھے کہ ہفتہ دس دن میں کیا ہوگا یا اگلے دو مہینے میں کیا ہوگا یہ تھا انٹیلیجنس ایجنسی کا کام۔ کراچی میں ۲۰ سال سے لوگوں کے خون کے ساتھ کھیلا جا رہا ہے ہمیں کچھ پتہ نہیں چلتا ہے۔گورنمنٹ بھی خاموش ہے۔

جناب والا! لاء اینڈ آرڈر کے ساتھ پریس جو ہمارے ملک کو چلانے کا ایک ستون ہے مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ اس نے بھی اپنا فرض منصبی پوری طرح ادا نہیں کیا۔ہم expect کرتے ہیں کہ پریس نیوٹرل ہو۔حقیقت بتائے اب تک جو پریس ریلیز نکلی ہیں اس سے ایک آدمی پشاور میں بیٹھا کچھ نہیں سمجھ سکتا جب ہمارے پاس ڈیڈ باڈیز پہنچتی تھیں تب پتہ چلتا تھا کہ کراچی میں کوئی گڑ بڑ ہوئی ہے۔ بی بی سی کو لوگ اس لیئے سنتے ہیں کہ وہ سب سے پہلے خبر دیتی ہے۔ ہمارے ابلاغ کی جتنی ایجنسیز ہیں۔ خدا راہ وہ اپنے ملک کے باشندوں کو پہلے اطلاع دیا کریں۔تاکہ فساد کم ہو۔

جناب والا! اب میں آرمی ان ایڈ ٹو سول پاور پر آتا ہوں۔ ۱۲ تاریخ کو کلین اپ آپریشن ہوا۔ ۳۱ اکتوبر اور یکم نومبر کو اسی سہراب گوٹھ کے علاقے میں گڑبڑ ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر ایسٹ نے کا نوائے کو حیدر آباد جانے کی اجازت دی تھی، آٹھ دس بسیں تو خیریت سے گذر گئیں ان آخری چند بسوں میں جو بھی لوگ تھے، میں بدمعاش نہیں کہتا، انہوں نے ادھم

مچادی اور سہراب گوٹھ میں گھپلا کیا۔ وہ ڈپٹی کمشنر ویسٹ ابھی تک وہاں بیٹھا ہوا ہے اور ڈپٹی کمشنر ایسٹ کی چھٹی کر دی ہے۔ یہ سول پاور باقاعدہ ایک پروسیجر ہے اس پر پمفلٹس نکلے ہوئے ہیں۔ انٹر سیکورٹی، آرمی اور سول کا ایک جوائنٹ وینچر ہوتا ہے۔ ان پر کانفرنسیں ہوتی ہیں اگر آپ لوگوں نے کلین اَپ آپریشن ہی کرنا تھا تو اس کے impact پر بھی سوچنا چاہیے تھا کہ ہمیں کیا کرنا پڑے گا۔ ایک تو سول پاورز میں فلیگ مارچز ہوتی ہیں کہ جب کسی علاقے میں گڑبڑ پھیلے، یا امکان ہو یا واقعہ ہو چکا ہو تو اس کو بچانے کے لئے اس علاقے میں فوج فلیگ مارچ کرتی ہے۔ کلین اَپ تو آپ نے شروع کیا مگر آپ نے کراچی کا غم نہیں کیا۔ یہ کہاں کی پلاننگ ہے۔ آرمی اِن ایڈ ٹو سول پاور میں ملٹری کمانڈر اور ڈپٹی کمشنر اور پولیس یہ سب مل کر بیٹھ کر کے ایریا کو بانٹتے ہیں ہر ایک کا باقاعدہ علاقہ ہوتا ہے۔ sketch-wise کام کو چلانے کے لئے بندوبست کیا جاتا ہے۔ کراچی میں ایسا کچھ بھی نہیں ہوا۔ میرا تو خیال ہے کہ منسٹری آف انٹیریئر کی جو کمیٹی ہے سینیٹ کی وہ اس ڈیٹیل میں جائے کہ اِن ایڈ ٹو سول پاور میں ہوا کیا ہے۔ اور کیا کیا آرڈرز نکلے وہ بھی ہمیں بتائے جائیں اور کیا کیا کام ہوا۔ جب مریض ہسپتال پہنچے تو دوائیاں نہیں تھیں کیوں نہیں تھیں۔ میڈیکل سروسز نے کیوں ایسا کیا۔ آگ لگی تو کیا کراچی میونسپل کارپوریشن نے اپنا کام ٹھیک کیا، کیا لوگ ڈیوٹی پر پہنچے تھے۔ اگر کرفیو لگ گیا تو ان لوگوں کو پاس ملنے چاہیے تھے جو لازمی سروسز کو چلاتے ہیں۔

جناب والا! اب میں 'کلین۔ اپ' آپریشن پر آتا ہوں۔ 'کلین اَپ' آپریشن کے متعلق جو کچھ میں نے اخبار میں پڑھا ہے اس سے معلوم یہ ہوتا ہے کہ وہاں تو 'کلین اَپ' ہی نہیں ہوا۔ شاید 'کلین۔ اَپ' ہمیں بعد میں کرنا پڑے گا۔ جو کچھ سہراب گوٹھ میں ہوا ہے وہ رویہ میں ایک

[Maj. Gen. (Retd.) Shirin Dil Khan Niazi]

آنے کے برابر ہے - جو مافیا یا گنگز ہیں وہ سہراب گوٹھ میں تو نہیں بیٹھے - وہ تو شاید کراچی پشاور لاہور فیصل آباد یا نیو یارک، لندن میں ہوں گے - یہ اخبار والے لکھتے ہیں کہ ایک کروڑ روپیہ ماہوار کراچی کی انتظامیہ کو یہ حضرات دیتے تھے - اس کی بابت میں تحقیق سے کہہ سکتا ہوں - آج سے چند سال پہلے کی بات کہتا ہوں کہ میرے صوبے میں

I.G. Police used to get money amounting to Rs. one lac monthly from the Collector Customs of Peshawar.

لہٰذا سہراب گوٹھ کا ایک کروڑ روپیہ جو انتظامیہ کو ملتا ہے یہ سچ ہوگا - اب وہ روپیہ کدھر ہے - کدھر ہے ہماری انٹی کرپشن کمیٹی - میرے خیال میں فیصل آباد کی ایک سو چوبیس کنال کی بجائے سہراب گوٹھ سے ایک کروڑ روپیہ ماہوار جو انتظامیہ کو ملتا ہے اس پر کچھ کام شروع کرے - اس کو بھی ٹیکل کیا جائے جس کے متعلق محبوب الحق صاحب نے کہا ہے کہ چالیس ملین بیوروکریسی کھا جاتی ہے -

جناب والا! اب میں انصاف پر آتا ہوں - جب انصاف کی بات آتی ہے تو کہتے ہیں کہ جی یہ صوبائی معاملہ ہے - ہمارے یہاں یا تو انصاف کا اندازہ ہی نہیں ہے کہ انصاف کہتے کس کو ہیں - اسی سلسلے میں ابھی جو کہا گیا کہ کراچی میں منی بسیں بند کرو اور سولہ سو بڑی بسیں خریدو - فیڈرل گورنمنٹ کو یہ ڈیمانڈ آئی ہے - جناب والا! میں آپ سے دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ منی بسوں کے ان ڈرائیوروں کی روزی کا بندوبست کون کرے گا - کیا یہ حکومت کی ذمہ داری نہیں ہے اگر کراچی میں منی بسیں بند کرنا چاہتے ہیں تو پورے پاکستان میں بند کریں - فلائنگ کوچز بھی نہیں چلنی چاہیں -

پوست کی کاشت اور حشیش وغیرہ کا مسئلہ - جناب والا! یہ ہندوستان میں بھی پیدا ہوتی ہے - امریکہ کی حکومت وہاں تو ان کے ساتھ معاہدہ کرتی ہے اور کھڑی فصل کو خرید لیتی ہے - یہاں ہمیں کہتی ہے مت

کاشت کرو ۔ امریکی حکومت ہندوستان کے ساتھ جو فیصلہ کرتی ہے وہی فیصلہ پاکستان کے ساتھ کیوں نہیں کرتی۔

Let the people grow and buy them green and let that be destroyed.

یہ چودہ کروڑ روپیہ جو نارکوٹکس بورڈ کو دیتے ہیں یہ کرپشن کی ایک اور شکل ہے ۔ آج سے چند سال پہلے جب الطاف مرحوم زندہ تھے ، ڈان کے ایڈیٹر ۔ انہوں نے بتایا تھا کہ امریکہ کے ایک ڈالر میں سے پچاسی سینٹ تو واپس امریکہ چلے جاتے ہیں ۔ مجھے تو ڈر یہی ہے ۔ نارکوٹکس کنٹرول بورڈ کا آدھا پیسہ تو وہ خود لے جاتے ہیں ۔ ابھی حال ہی میں یہ کہا گیا ہے کہ وہ ہیلی کاپٹر بھیجیں گے وہ دیکھیں گے کہ یہ پوست کہاں کہاں اگتی ہے ۔ ہم امریکی حکومت سے درخواست کریں کہ جو معاہدہ آپ نے ہندوستان کے ساتھ کیا ہے اسی طرح ہمیں بھی کھڑی فصل پر پیسے دیں تاکہ ہمارے لوگ بھی خوش رہیں اور حکومت کا کام بھی چلتا رہے ۔

اب میں کوٹہ سسٹم پر آتا ہوں ۔ چند سال پہلے پاکستان کی آبادی شہروں میں پندرہ فیصد اور دیہاتوں میں پچاسی فیصد تھی اب شاید شہر میں بیس فیصد ہو گئی ہے اور دیہاتوں میں ۸۰ فیصد ہے ۔ کوٹہ سسٹم کو بند نہیں کرنا چاہیئے بلکہ اسے پورے پاکستان پر پھیلانا چاہیے میں نے اس پر تحقیق کی ہے ۔ ہمارے میڈیکل اور انجینیرنگ کالجز میں لڑکے میرٹ پر جاتے ہیں ۔ میں نے تحقیق کی تو پتہ چلا کہ ۔

Selection of doctors and selection of engineers is by quota system by the Provincial Governments.

اب وہ آبادی کی بنیاد پر ہے ۔ ان ٹیکنیکل انسٹیٹیوٹس میں بھی آبادی کی بنیاد پر داخلہ ہونا چاہیے تاکہ انصاف کا تقاضا پورا ہو سکے ۔ دیہی آبادی کے جو غریب لوگ ہیں جو پرائمری سکولوں کے پڑھے ہوئے ہیں یا جو مقابلہ نہیں کر سکتے ان کو ان کا حق مل جائے ۔

[Maj. Gen. (Retd.) Shirin Dil Khan Niazi]

جناب والا! مسئلہ پٹھان اور مہاجر کا نہیں ہے کیونکہ مہاجر اور پٹھان دونوں کی کمائی کے طریقے مختلف ہیں۔ کراچی میں مہاجر ۸۵ فیصد تعلیم یافتہ ہیں اور پٹھان پندرہ فیصد۔ پٹھان زیادہ تر محنت اور مزدوری کرتے ہیں کراچی کی سڑکیں کراچی کی بلڈنگیں یا پنجاب کی نہریں ان پٹھانوں کے ہاتھوں سے تیار ہوئی ہیں۔ ہمارے بھائی مہاجر پڑھے لکھے ہیں وہ دفاتر میں چپڑاسی یا قاصد کا کام کرتے ہیں۔ اس لئے ان میں معاشی کشمکش نہیں ہے۔ یہ دونوں فریق چالیس سال سے کراچی میں رہ رہے ہیں یہ آج کیوں باہم دست و گریباں ہیں۔ اس کی تحقیق ہونی چاہیے۔ ایک کمیشن بیٹھے کہ یہ معاملہ کس نے خراب کیا اور کیوں خراب ہوا۔ معاشی کشمکش ان میں نہیں ہے۔

I will request that we should look into the causes and minutely examine as to what has gone wrong and why ?

اور جو کچھ معاملہ ہوا ہے اسی کو سیاسی طور پر حل کرنا چاہیے۔ ہم سب بھائی بیٹھ کر قوم کے لئے فیصلہ کریں۔ اگر ہم بھائی بن کر رہنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے بھی ہمیں کچھ کام کرنا پڑیگا give and take ہوگا۔ یہ کہنا کہ افغانی مہاجرین کراچی میں نہیں ہونے چاہیں یہ اس کا حل نہیں ہے۔ افغانی مہاجر صوبہ سرحد میں بیس لاکھ بیٹھے ہوئے ہیں۔ کراچی والے پچاس ہزار سے تنگ آگئے ہیں ethnic question آج کا بڑا نمایاں ہے اس کے لئے میں یہی کہہ سکتا ہوں میرے ایک بھائی میرداد خیل صاحب سینیٹر، نے مجھے بتایا کہ سوات کا رہنے والا ایک سپاہی عبدالودود مشرقی پاکستان کی جنگ میں شریک ہوا۔ مشرقی پاکستان کو ہم سے جدا ہوئے بھی پندرہ سولہ سال ہونے کو ہیں، اس کو ستارہ جرأت ملا۔ آج تک وہ میڈیکل بورڈ آؤٹ نہیں ہوا۔ مجھے پتہ نہیں ستارہ جرأت میں اس کو پیسے ملے ہیں یا زمین ملی ہے یا نہیں۔ یہ تو ہماری فوج کو پتہ ہے which is an organized body

میرے اپنے ایک علاقے کا صوبیدار میجر تھا جو پاکستان کا سپورٹسمین بھی رہ چکا ہے۔ صوبیدار میجر کی فوج میں ایک حیثیت ہوتی ہے اس کے پاس پاورز تو نہیں ہوتیں لیکن اس کا رعب داب ضرور ہوتا ہے۔ میں نے آرمی کا نمک کھایا ہے میں تفصیل میں نہیں جانا چاہتا جو کچھ مجھے علم ہے اگر یہی حالت رہی تو ہماری فوج لڑائی نہیں لڑے گی۔

اب میں کرپشن پر آتا ہوں۔ کرپشن کے جنرل مجید صاحب انچارج ہیں۔ کمیٹی تو پچھلے سال اپریل میں بنی تھی اب دوسرا اپریل آنے والا ہے۔ میں نے چند مہینے پہلے ان سے ذکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے پاس ٹرمز آف ریفرنسز نہیں ہیں۔ وہ دل کے آپریشن کے لئے لندن گئے ہوئے تھے۔ میں ان سے پوچھوں گا کہ ٹرمز آف ریفرنسز کیا ہیں۔ اگر یہ ہمیں بھی بتا دیئے جائیں تو ہم بھی پڑھ لیں گے۔

جناب والا! کراچی کے معاملے میں میرے خیال میں سول انتظامیہ مکمل طور پر فیل ہو چکی تھی فیل ہو چکی ہے اور جب تک اس میں تبدیلیاں نہیں آئیں گی فیل رہے گی، ڈی سی ایسٹ وہی رہا ہے، چیف منسٹر صاحب نے استعفیٰ پیش نہیں کیا ہے بارہ یا چودہ دسمبر کے علاوہ تیئس یا اکتیس دسمبر کو جو لوگ متاثر ہوئے ہیں ان کو بھی کمپینسیٹ نہیں کیا گیا۔ وہ آج تک مٹی کھاتے رہے ہیں۔ عبدالستار ایدھی صاحب ہی ان کے رکھوالے ہیں۔ باقی پاکستانی ان کی کوئی قدر نہیں کرتے۔ ہمارے یہاں کیبنٹ ڈویژن میں میرے خیال میں ایک ایمرجنسی ریلیف سیل ہوا کرتا تھا اور اب بھی ہے اسی طرح سے پراونشل گورنمنٹ کا ہے۔ صوبائی حکومت کے کئی اور سوشل سیکورٹی ڈیپارٹمنٹ ہیں، کراچی کا بھی سٹاف ہوگا، پاکستان میڈیکل کونسل بھی ہے اور سول ڈیفنس آرگنائزیشن بھی ہے، یہ جتنی گڑبڑ ہوئی ہے کوئی کسی ڈیپارٹمنٹ نے اپنا فنکشن پورا نہیں کیا ہے اور وہ بیچارے جن کے ماں باپ جو کمانے والے تھے مر گئے ہیں یا مارے گئے

[Maj. Gen. (Retd.) Shirin Dil Khan Niazi]

ہیں، ان کی تو حکومت کو ذمہ داری لینی چاہیئے کہ جب تک کمپنسیشن نہ ہو ان کو حکومت سندھ فیڈ کرتی ، ان کو گھر سے نکالا اور کھانا بھی نہ دیا یہ کہاں کا انصاف ہے، میں نہایت افسوس سے کہتا ہوں کہ چیف منسٹر صاحب اپنا فرض پورا نہیں کر رہے ہیں اور ان کو اپنا فرض پورا کرنا چاہیے، باتوں سے کچھ نہیں بنے گا ۔

compensation should have been given to them and they should have been fed by the Government of Sind on the very first day it happened. Thank you very much.

**Mr. Chairman :** Thank you.

مولانا کوثر نیازی :- پوائنٹ آف آرڈر، جناب چیئرمین ! آپ ملاحظہ فرمائیں، کتنی اہم بحث ہو رہی ہے اور ایوان میں صرف وزیر داخلہ موجود ہیں تمام وزراء میں سے ، حالانکہ وزیر داخلہ امرت دھارا نہیں ہیں، تمام محکموں کی باتیں آرہی ہیں ، خارجہ امور کی باتیں آرہی ہیں وزارت اطلاعات کی باتیں آرہی ہیں ، ٹرانسپورٹ کی باتیں آرہی ہیں اگر حکومت کی سنجیدگی کا یہ عالم ہے کہ وہ اس بحث میں صرف وزیر داخلہ کو بٹھا کر خود اپنے فرائض منصبی باہر ادا کرنا چاہتی ہے تو اس ایوان کا وقت ضائع کرنے کا کیا فائدہ ہے یہ بحث تو پھر 'لولی پاپ' ہے جو آپ نے ہمارے ہاتھ میں تھما دیا ہے ، آپ اس ایوان کی عزت کے محافظ ہیں میں آپ سے عرض کروں گا کہ آپ Exert کریں کیبنٹ کے ممبرز پر کہ وہ اس ایوان میں بیٹھیں اگر یہ بحث ہونی ہے ورنہ کیا فائدہ آپ نے ہماری تحاریک استحقاق بھی ڈیفر کر دیں اور تحاریک التواء بھی کہ یہ اہم بحث ہو رہی ہے ، کیا اہم بحث ہو رہی ہے کہ کوئی وزیر یہاں بیٹھا ہی نہیں ہے۔

**Mr. Javed Jabbar :** Mr. Chairman Sir, further to supplement that point may I submit that not once during this discussion in the Senate has the honourable Prime Minister joined us even though we all

agree that this is the single most important event facing the Parliament. Most regretable Sir.

جناب چیئرمین : مولانا کوثر نیازی صاحب کا ارشاد بجا ہے لیکن یہ سوال ایک دفعہ کسی اور موقع پر بھی اٹھا تھا اور جہاں تک میرا تعلق ہے میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں لیکن بدقسمتی سے یہ ''چیئر'' کے ہاتھ میں نہیں ہے کہ منسٹروں کو حاضر ہونے پر مجبور کرے، باقی جو کچھ آپ نے ارشاد فرمایا وہ وزیر داخلہ نے بھی سنا اور مجھے یقین ہے کہ حکومت کے باقی نمائندے بھی موجود ہیں جو کہ ان تک پہنچا دیں گے تو بحث جاری رکھی جائے۔

مولانا کوثر نیازی : کیا فائدہ جناب اس ایوان میں بیٹھنے کا اس وقت جبکہ کوئی منسٹر ہی نہیں ہے۔

جناب چیئرمین : وہ تو آپ کی مرضی ہے۔

مولانا کوثر نیازی : آپ کچھ کر نہیں سکتے جناب چیئرمین!

جناب چیئرمین : میرے ہاتھ میں نہیں ہے، میرے ہاتھ میں آپ یہ اختیار دے دیں تو پھر کچھ کر سکیں گے۔

مولانا کوثر نیازی : آپ ایڈوائز تو کر سکتے ہیں۔

جناب چیئرمین : میں نے جو کچھ عرض کیا وہ ایڈوائس نہیں ہے تو اور کیا ہے، باقی اگر آپ کا اور کوئی کام ہے تو بے شک آپ تشریف لے جائیں۔

مولانا کوثر نیازی : یہ بات نہیں ہے جناب والا! میں آپ سے سچ عرض کرتا ہوں کہ یہ اس ایوان کی عزت کے منافی ہے یہ طرز بحث اور یہ طرز جو حکومت نے اختیار کر رکھا ہے۔

جناب چیئرمین : جہاں تک وزراء کے نہ ہونے کا تعلق ہے، میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں لیکن میں نے آپ کو اپنی مجبوری بتائی کہ رولز کے تحت مجھے

[Mr. Chairman]

کوئی اختیار نہیں کہ میں وزراء کو مجبور کروں کہ وہ ایوان میں حاضر رہیں۔ جناب محمد عمر خان صاحب۔

نوابزادہ شیخ عمر خان : جناب چیئرمین صاحب! میں آپ جناب کا ممنون ہوں کہ کراچی کے اس نازک مرحلے کے متعلق مجھے کچھ بولنے کے لیے آپ نے وقت عنایت فرمایا، جناب عالی! واقعی ہم شرمندہ ہیں کہ اب تک اتنے عرصے کے بعد بحیثیت پاکستانی ایک قوم کیوں نہیں ہوئے۔ یہ ہمارے لئے شرم کی بات ہے اور سینتیس سال کے بعد ایک ایسے بڑے شہر میں اس طرح کے واقعات کا ہونا انتہائی قابلِ افسوس بات ہے کہ ہم نے آج تک اپنے آپ کو بحیثیت پاکستانی کے ایک قوم تصور نہیں کیا، اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم جب بلوچ ہوئے، پنجابی ہوئے، پٹھان ہوئے، مہاجر ہوئے اور سندھی ہوئے تو ہم اس ملک کی کیا خدمت کر سکتے ہیں۔ جبکہ ہم نے متحدہ ہندوستان کو تقسیم کر کے صرف دو قومی نظریے پر یہ فیصلہ کرایا کہ ہم مسلمان علیحدہ ایک قوم ہو کر رہیں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ حکومت کو جو کہ ہماری اپنی حکومت ہے، ہم اس حکومت میں ہیں، اس حکمران جماعت میں ہیں ہمیں اس حقیقت کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے کہ اس معاملے میں کم از کم بہت ساری غلطیاں ہوئیں۔ اس غلطی کا حکومت کو اب تو ضرور احساس ہوا ہو گا کہ اس کا تدارک نہ کرنے کی وجہ سے ایسے حالات پیدا ہو گئے، جب یہ حادثہ شروع میں ہوا، میں حقیقتاً آپ سے عرض کروں گا کہ اس میں کراچی کے کسی شہری کا ہاتھ نہیں تھا۔ میں خود کراچی میں رہتا آ رہا ہوں مجھے حالات کا اتنا علم ہے کہ میں جانتا ہوں کہ جو گرفتاریاں اس سے قبل ہوئیں اور اس حادثہ کے بعد ہوئیں، چاہے وہ پٹھان ہوں یا مہاجر ابھی تک وہ لوگ جنہوں نے یہ کام کیا شاید وہ آج کراچی کے شہر میں نہیں ہیں لیکن انہوں نے جو بیج بویا ہے اس کا تدارک کرنا حکومت پر فرض ہے۔ حکومت پر لازم ہے کہ وہ اس کا تدارک کرے نہیں تو یہ جھگڑے اور بڑھیں گے۔

اور اس ملک کو ایک بہت بڑا خطرہ پیش آئے گا میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی اس بات کو ختم کرتا ہوں اور حکومت کو اس بات کی دعوت دیتا ہوں کہ برائے مہربانی اس معاملے کی تہہ میں جائے اور اس کی ضرورت سے زیادہ تحقیقات کرے اور آئندہ کے لیئے اتنی خبردار ہو جائے کہ ایسے واقعات نہ ہوں نہیں تو یہ ملک نہیں رہے گا۔ مجھے تقریر کرنے کا شوق نہیں ہے لیکن حالات ایسے ہیں کہ ہم مجبور ہیں یہ کہیں کہ وزیر داخلہ صاحب اس کی نشان دہی کریں میرا مقصد یہ نہیں کہ میں یہاں اس ٹیبل پر کھڑے ہو کر کچھ کہوں تاکہ اخباروں میں میرا نام آ جائے میں یہ چاہتا ہوں کہ ان کو واقعات سے آگاہ کروں ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین : بہت شکریہ، جناب حسین بخش بنگلزئی صاحب۔

میر حسین بخش بنگلزئی : گرامی قدر، جناب چیئرمین صاحب! آج کراچی کے حوالے سے امن و امان کی صورت حال اس معزز ایوان میں زیر بحث ہے۔ اس معزز ایوان کے معزز اراکین کو ۲، ۳ روز سے ہم لوگ سن رہے ہیں اس میں بہت سارے شعلہ بیان مقررین کو بھی سنا اور بہت سارے صاحب الرائے معزز اراکین نے بھی تجویزیں پیش کیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ کوئی بدبخت پاکستانی ہو گا جو کراچی کے ان واقعات سے متاثر ہو کر ماتم کناں نہ ہو۔ ظاہر سی بات ہے کہ ایک مسلمان کی حیثیت سے ایک انسان کی حیثیت سے جب ملک کے کسی بھی کونے میں کسی شخص پر اگر کوئی تکلیف ٹوٹ پڑے تو باقی لوگوں کا متاثر ہونا، ماتم کناں ہونا ایک لازمی بات ہے۔ جناب چیئرمین صاحب! اس سلسلے میں ان واقعات کو بیان کر کے، صرف گلوگیر ہو کر بیٹھ جانا، میں سمجھتا ہوں، کافی نہیں ہے۔ ان واقعات کو بیان کر کے، صرف کسی حکومت سے مطالبہ کرنا قطعاً کافی نہیں ہے، ان واقعات کو بیان کر کے صرف ماتم کناں ہونا میں سمجھتا ہوں کافی نہیں ہے۔ اگر کوئی چیز کافی ہے تو اس کے لیئے میرے ذہن میں دو چار باتیں ضرور ہیں جو میں اسی حوالے سے آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان میں بیان کرنا پسند کروں گا۔

[Mir Hussain Bukhsh Bungalzai]

بنیادی بات یہ ہے کہ جب کسی ملک میں کسی معاشرے میں حالات تباہی کا رخ اختیار کر جاتے ہیں۔ تو اس ملک کے باشندوں پر اور اس معاشرے میں رہنے والوں پر ایک بنیادی فرض عائد ہوتا ہے وہ فرض یہ ہے کہ وہ بنیادی وجوہات معلوم کریں کہ بنیادی خامیاں کہاں موجود ہیں، بنیادی کمزوری کہاں موجود ہے اور اس کا ازالہ کس انداز میں کیا جانا چاہیے جب تک بنیادی طور پر ان خامیوں کا علم نہ ہو، اندازہ نہ ہو تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ تشخیص کے بغیر مرض کا علاج بھی نامکمل اور ناکافی ہوتا ہے۔ بنیادی طور پر یہ جھگڑا ایک جلوس سے شروع ہوا ہے لیکن اس جلوس سے متعلق جو باتیں ہم نے اخبارات میں پڑھی ہیں یا ہم تک پہنچی ہیں میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا زیادہ اہم سمجھتا ہوں کہ آج جنوبی ایشیاء کے جس خطے میں ہم رہتے ہیں ہمارے ارد گرد سیاسی اور جغرافیائی حالات بین الاقوامی نقطہ نگاہ سے کیا ہیں، جب تک ہم ان باتوں کو نہیں سمجھیں گے ان کا تجزیہ نہیں کریں گے اس وقت تک ہم بنیادی سوال کو بنیادی خامی کو فائنڈ آؤٹ نہیں کر سکیں گے۔ بنیادی خامی کو فائنڈ آؤٹ کرنے کے لیئے یہ لازم آتا ہے کہ ہم اپنے چاروں طرف یعنی گردونواح میں جو کچھ ہو رہا ہے اس کا تجزیہ کر لیں، میری یہ گزارش ہے کہ اس وقت جب ہم جنوبی ایشیاء کے حالات کو دیکھتے ہیں، تو آپ کو اس نقشے میں پاکستان ایک سنگل ایسا ملک نظر آتا ہے جس میں امن و امان ہے اور جو اپنی سلامتی کے ساتھ ترقی کے منازل بھی طے کر رہا ہے لیکن سوال یہ ہے کہ جب ہمارے مشرق اور مغرب دونوں طرف وہ ممالک موجود ہیں جو نہ صرف ہماری ترقی اور سلامتی کو دیکھنا ناپسند کرتے ہیں بلکہ ہمارے وجود کو ہی صفحہ ہستی سے مٹانے کا بھی منصوبہ بنا کر رکھتے ہیں۔ وہ ممالک جو ہماری ترقی کو ناپسند کرتے ہیں ان کے عزائم جب ہمارے ملک کے لیئے یہ ہوں تو یقینی بات ہے پھر وہ اپنے عزائم کو عملی جامہ پہنانے کے لیئے اپنے پلانٹڈ ایجنٹس بھی ہمارے ملک میں تعینات کر جاتے ہیں جو ایک پلاننگ اور ایک

منصوبہ بندی کے تحت ہمارے معاشرے کو ہمارے طریقے کو ہمارے قومی سلامتی کو چیلنج کرتے ہیں، یہ ہمارا اجتماعی مسئلہ ہے اور یہ ہمارا اجتماعی فرض ہے، اب مل بیٹھ کر صرف ایک قوم کی حیثیت سے صرف ایک پاکستانی قوم کی حیثیت سے اپنے مخالفین کے منصوبوں کو خاک میں ملا دیں جب میں نے یہ کہا کہ پاکستان واحد ایک ایسا ملک نظر آتا ہے جو اس وقت اپنی ترقی کی منازل طے کر رہا ہے۔

اب اگر آپ افغانستان کی طرف دیکھیں so-called انقلاب سے لے کر آج تک وہ سرزمین جل رہی ہے اور افغان اس وقت اپنی آزادی اور اپنی زیست کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ وہاں قطعاً امن و امان نہیں ہے اور اس امن و امان کے نہ ہونے کے نتیجے میں افغانستان کی آدھی آبادی ملک چھوڑ کر، وہ سرزمین چھوڑ کر دوسرے ممالک میں جا کر پناہ گزین کی حیثیت اختیار کر گئی ہے۔ ایران میں بھی یہی صورت حال ہے، عراق کی بھی یہی صورت حال ہے، سری لنکا کی یہی صورتِ حال ہے، بنگلہ دیش میں قطعاً امن و امان نہیں ہے اور انڈیا کے اندر بھی ہم پڑھتے ہیں، ایک منٹ کے لئے بھی امن و امان نہیں ہوا جب وہ ممالک جو ہمارے مخالف ہیں اور بالخصوص میں ایسٹ اور ویسٹ میں انڈیا اور افغانستان کی بات کروں گا، ہماری سلامتی کے خلاف منصوبے رکھتے ہیں اور اس لحاظ سے ہمارے ملک کے اندر ان کے پلانٹڈ ایجنٹ مقرر ہیں۔ لہٰذا یہ انتہائی ضروری ہے کہ پہلے ہم یہ فائنڈ آؤٹ کریں کہ وہ لوگ کن کن کارنرز میں رہتے ہیں اور کیا عزائم رکھتے ہیں ان عزائم کو ناکام کرنا ہمارا قومی فرض ہے ایک ایک شخص جو اپنے آپ کو پاکستانی کہتا ہے خواہ وہ کسی بھی سیاسی ذہن کا ہو، پاکستان کی سلامتی اور احساس کی بنیاد پر ہمارا ہم خیال ہے کیونکہ ہم سب پاکستانی ہیں۔

جنابِ والا! اب میں اس جلوس کے اوپر آتا ہوں وہاں قومی مہاجر موومنٹ ہے میں اپنے اس مہاجر بھائی سے جو اس موومنٹ کو

[Mir Hussain Bukhsh Bungalzai]

بجانے پر مجبور ہو گیا ہے، انتہائی احترام سے دو تین سوال کرنا پسند کروں گا، چونکہ آج حساب کتاب کا دن ہے میں آپ کی وساطت سے ان سے یہ سوال پوچھنا چاہوں گا کہ میرے مہاجر بھائی! چالیس سال کے بعد آپ کو اپنے آپ کو مہاجر کہنے کی کیا ضرورت پڑی ہے میں اس بات کو ایڈمٹ کرتا ہوں، اس مہاجر نے پاکستان کی تخلیق کے بعد پاکستانی کی حیثیت سے اپنا گھر بار چھوڑا، اس نے کروڑوں اور اربوں کی جائیداد انڈیا میں چھوڑ دی ، اور پاکستان کا رخ کر لیا۔ جناب والا! اس قسم کی قربانیاں ہم جو انصار کے نام سے پکارے جاتے ہیں ہم نے بھی دیں ہم نے اپنی آزاد ریاستوں کا پاکستان کے ساتھ الحاق کیا ہے لیکن جب مہاجرین اس ملک میں اور اس سرزمین پر پہنچے، تو میں ان سے یہ سوال کرنے میں حق بجانب ہوں کہ میرے مہاجر بھائی اس دھرتی نے آپ کو کیا کچھ نہیں دیا۔ اس دھرتی نے اس سرزمین نے وہ کچھ آپ کو دیا کہ آج اگر حساب کتاب پر آ جائیں تو میرا مہاجر بھائی اس ملک کی پریویلیجڈ کلاس بنتا ہے۔ آپ ملازمتوں کو لے لیں، آپ کاروبار کو لے لیں، آپ زمین داری کو لے لیں، آپ ایجوکیشن کو لے لیں، ٹاپ سے لے کر باٹم تک آپ کو شیئر ہم سے زیادہ مل رہا ہے۔ میں ایک ریاست کی قربانی دے کر اس پاکستان میں شامل ہوا ہوں سوائے چار ایکڑ بنجر زمین کے میری جائیداد کیا ہے۔ آپ تو دس دس فیکٹریوں کے مالک ہیں کیا اس سے پہلے بھی آپ مالک تھے۔ آپ ان باتوں کو کیوں نہیں سوچتے۔ اس سرزمین نے اس ملک نے آپ کو سب کچھ دیا، یہ سب کچھ لینے کے بعد بھی میرے پیارے مہاجر بھائی آپ کا لڑکا جس نے اس سرزمین پر جنم لیا اور جنم لینے کے بعد چالیس سال گزرنے کے باوجود آج بھی اپنے آپ کو مہاجر کہتا ہے کیوں۔ کم از کم مجھے اس کو مہاجر کہتے ہوئے شرم آتی ہے جناب! آپ مائیگریٹ کر کے انڈیا سے مہاجر کی حیثیت سے جب اس ملک میں آ کر بس گئے ہیں تو ہم نے آپ کی زبان

کو قومی زبان تسلیم کیا، پٹھان کے پاس جائیں وہ اردو بول سکتا ہے بلوچ کے پاس جائیں وہ اردو بول سکتا ہے۔ سندھی کے پاس جائیں وہ اردو بولتا ہے، پنجابی کے پاس جائیں وہ اردو بولتا ہے لیکن میں اپنے اس مہاجر بھائی سے پوچھتا ہوں آپ نے اس سوسائٹی کے اندر اپنے آپ کو کس حد تک absorb کیا، آپ میں سے کتنے فیصد وہ آبادی ہے جو پشتو جانتی ہے، کتنے فیصد وہ آبادی ہے جو سندھی جانتی ہے، کتنے فیصد وہ مہاجرین ہیں جو بلوچی جانتے ہیں، جو پنجابی جانتے ہیں، اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ نے اپنے آپ کو ہم میں absorb کرنے کی کوشش نہیں کی بلکہ اپنے آپ کو دور رکھنے کی کوشش کی جب کہ ہم نے آپ کو اپنے سینے کے اندر اپنے دامن کے اندر جگہ دی اور ملک کے پورے وسائل آپ کی ڈسپوزل پر دے دیئے، اس لئے میں اس سلسلے میں یہ سمجھتا ہوں کہ افسوس کا مقام ہوگا کہ ۴۰ سال گزرنے کے بعد اگر کوئی شخص اپنے آپ کو مہاجر کہے اور مہاجر کی فکر کے ساتھ اس ملک کے اندر سیاست کرے۔ اس بات پر مجھے افسوس ہے۔

جناب والا! اس کے بعد سہراب گوٹھ کا معاملہ ہے جو کہ بنیادی بات ہے، جہاں تک سہراب گوٹھ کا تعلق ہے میں آپ کی وساطت سے وزیر داخلہ صاحب کی خدمت میں یہ گزارش کروں گا اور یہ میری تجویز ہے کہ سہراب گوٹھ جیسے منشیات اور اسلحہ جات کے اڈے ملک کے جس کونے میں بھی پائے جائیں نہ صرف سہراب گوٹھ میں بلکہ وہ اگر پنجاب میں ہوں، وہ بلوچستان میں اگر ہوں ملک کے جس کونے میں بھی سہراب گوٹھ جیسے اڈے ہوں ختم کیئے جائیں اور منشیات کا کاروبار کرنے والے جو لوگ بھی ہوں تو ان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے یہ ہمارا قومی فرض ہے۔ سننے میں یہ بات بھی آئی ہے کہ اس کے اندر مافیا بزنس ہے۔ اگر اس کے اندر یہ بزنس ہے تو جتنے لوگ بھی اس میں ملوث ہیں

[Mir Hussain Bukhsh Bungalzai]

ان سے نمٹا جائے۔ ہمارے دوست کہتے ہیں کہ اخبار میں یہ بات چھپی ہے کہ ایک کروڑ روپیہ کراچی کی بیوروکریسی کو رشوت کے طور پر دیا جاتا ہے وہ کون سا بیوروکریٹ ہے جس کو ہم پھانسی نہ چڑھا سکیں جس بیوروکریٹ نے ایک کروڑ روپے لے کر ملک کو زہر کے انجکشن دیئے پھر بھی وہ زندہ گھومتا پھرتا ہے۔ اس سوسائٹی کے اندر اس شخص کو خواہ وہ بیوروکریٹ ہو یا گورنر ہو، وزیر اعلیٰ ہو جس حیثیت کا بھی وہ مالک ہو نہ زندہ رہنے کا حق ہے اور نہ ہمیں یہ حق پہنچتا ہے کہ اس کو زندہ چھوڑیں اگر ہم اس کو زندہ چھوڑ دیتے ہیں تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ایک مجرمانہ غفلت ہے اور یہ مجرمانہ غفلت کرنا قطعاً جائز نہیں ہے۔

جناب والا! اس کے علاوہ افغان مہاجرین کی بات ہوئی ہے میں پھر یہ تجویز پیش کروں گا کہ افغان مہاجرین کو ہم نے جس شرافت اور اسلامی جذبے کے ساتھ اپنے ملک کے اندر اپنے محدود وسائل کے مطابق جگہ دی ان کے لیئے یہ انتظام ہونا چاہیئے کہ وہ اپنے کیمپوں تک محدود رہیں۔ ان کو اس بات کی قطعاً اجازت نہیں ہونی چاہیے کہ وہ بھرے بازاروں میں آکر اسلحہ یا کسی اور چیز کا کاروبار کرلیں۔ اس بات کی ان کو قطعاً اجازت نہیں دینی چاہیئے اس لیئے میری یہ تجویز ہے کہ وہ مہاجرین ملک کے جن جن شہروں میں پائے جائیں ان کو واپس ان کے کیمپوں میں بھیجا جائے۔

وزیر داخلہ صاحب کی خدمت میں، میں یہ بھی عرض کرنا چاہوں گا کہ جب قومی شناختی کارڈز کا اجراء ہوا ہے تو کون ہیں وہ بیوروکریٹس جنہوں نے اس ملک کی شناخت کے ساتھ سودا بازی کی ہے جنہوں نے چار پیسے لے کر افغان مہاجرین کو شناختی کارڈز ایشو کر دیئے ہیں۔ آپ ان لوگوں کو فائنڈ آؤٹ کریں اور کیفر کردار تک پہنچائیں جو ہماری قومی شناخت کو بیچ سکتا ہے وہ اور کیا کچھ نہیں کر سکتا اس کو اس معاشرے کے اندر زندہ رہنے کا قطعاً حق نہیں ہے۔ شناختی کارڈ میرا قومی تشخص ہے۔ ایک کلرک، ایک بیوروکریٹ چار پیسے لے کر اسے بیچتا ہے اس کے باوجود ہم اس کو

برداشت کرتے ہیں ۔کیوں ۔ آپ ایسے لوگوں کو فائنڈ آؤٹ کریں۔اب جب آپ دوبارہ شناختی کارڈز ایشو کر رہے ہیں اس سلسلے میں خاص خیال رکھیں کہ جن لوگوں کو پہلے یہ شناختی کارڈز جاری کیے گئے ہیں ان کو دوبارہ یہ شناختی کارڈز ایشو نہ کیئے جائیں۔

جناب والا ! اس کے علاوہ ایک اور پوائنٹ جو ہمارے پریس کے رول کے متعلق ہے ۔مجھے یہ انتہائی ذہنی کرب کیساتھ کہنا پڑ رہا ہے اس آگ کو اس پریس نے بہت ہوا دی جس کو نیشنل پریس کہا جاتا ہے جس پر ہم فخر کرتے ہیں اور صبح اٹھنے کے بعد ناشتے سے پہلے ہر شخص کے سامنے اخبار ہوتا ہے یہ وہ پریس ہے جو اس ملک کو educate کر رہا ہے جو اس معاشرے کو educate کر رہا ہے اس education کے اندر زہر گھلا ہوا ہوتا ہے ۔صبح جب آپ اخبار پڑھیں گے تو ایک بہت ہی معمولی بات، جس کو میں سمجھتا ہوں کہ خبر بننے کا حق ہی نہیں ہے، وہ شہ سرخیوں سے چھپا ہوتا ہے، تو وہ لاکھوں انسانوں کے ذہنوں کے اندر زہر گھول دیتا ہے۔میں تو وزیر انفارمیشن، اگر یہاں ہوتے تو ان سے یہ سوال کرتا کہ یہ پریس، اخبارات جو کروڑوں روپے advertisement کی شکل میں گورنمنٹ کے مختلف محکموں سے لیتے ہیں، کیا ان کا یہی فرض ہے کہ وہ صوبائی عصبیت کو، غلط کاریوں کو، اور لوگوں کے تخیلات کو جو اس ملک کے بنیادی cause کے خلاف ہے ان کو پروجیکٹ کریں ۔کیا ان کا قومی فریضہ یہی بنتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کا یہ قومی فریضہ قطعاً نہیں بنتا اور میں اپنے نیشنل پریس کے اس طریقہ کار کی مذمت کرتا ہوں اور درخواست کرتا ہوں کہ اگر جمہوریت کے نتیجے میں پریس کو آزادی ملی ہے تو اس کے معنی قطعاً یہ نہیں ہیں کہ پریس اس آزادی سے ناجائز فائدہ اٹھائے اور ہمارے قومی تشخص کو مسخ کر ڈالے اس کی کوئی اجازت نہیں ہے۔

جناب والا ! اسکے علاوہ میں یہ سمجھتا ہوں کہ ہر پاکستانی اگر آج ان حالات کو دیکھ کر بھی اپنے آپ کو نہیں سنبھال سکتا تو یہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے انکار

[Mir Hussain Bukhsh Bungalzai]

کے مترادف ہے اور یہ کفران نعمت ہے اور کفران نعمت کی بہت بڑی سزا ہے لہٰذا ہمیں کفرانِ نعمت نہیں کرنا چاہیے۔ ایک ملت، ایک قوم کی حیثیت سے ہمیں ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر بغیر تفریق کے صرف پاکستانی بن کر چلنا چاہیئے۔ میری اس قوم کے ایک ایک فرد سے یہ عاجزانہ التماس ہے کہ آؤ اس ملک کو باقی رکھیں اس ملک کی بقا میں ہماری نسلوں کی بقا ہے اس کے وجود میں ہمارے وجود کی بقا ہے۔ خدا کے لیئے صرف جذباتی نعروں سے اور جذباتی باتوں سے اس ملک کو داؤ پہ نہ لگایا جائے۔ خواہ اس ملک کو داؤ پر لگانے والا ملک کا عام آدمی ہو یا ملک کی سب سے بڑی شخصیت ہو۔ میں اس کو صرف ایک پاکستانی اور ایک شہری سمجھتا ہوں۔ جیسا کہ میں نے بالکل شروع میں کہا ہے کہ ہمارے ارد گرد جو ممالک ہیں وہ قطعاً اس بات کے متمنی نہیں ہیں کہ ہم ترقی کی منازل طے کریں اور ایک پاکستانی کی حیثیت سے ہم مل کر آگے بڑھیں۔ کل کسی محترم مقرر نے یہ ضرور فرمایا کہ کراچی کے جو واقعات ہوئے ہیں یہ اس غیر جماعتی انتخابات کا شاخسانہ ہیں جبکہ وہ مقرر بذات خود ایک جماعت سے تعلق رکھتے ہیں اور اس جماعت سے تعلق رکھنے کے باوجود وہ اس ایوان تک پہنچے اگر غیر جماعتی انتخاب بالکل غلط نظام تھا تو میں ان سے یہ پوچھنے کی جسارت کروں گا کہ پیارے بھائی! آپ نے کس خوشی میں الیکشن لڑا اور آپ کیسے آئے یہ تو اس غیر جماعتی انتخابات کا نتیجہ ہے کہ آج اس پلیٹ فارم سے آپ کا پیغام پوری قوم کو مل رہا ہے۔ غیر جماعتی بنیاد پر اس ملک میں انتخابات ضرور ہوئے ہیں لیکن اس کے نتائج غلط نہیں نکلے۔ مثلاً پارلیمنٹ وجود میں آئی، اس ملک سے مارشل لاء اٹھا ہے، اس ملک سے ایمرجنسی اٹھائی گئی، اس ملک کے پریس سے پابندی اٹھائی گئی ہے۔ یہ غلط بات ہے کہ آپ اس کو کنڈم کرنا چاہتے ہیں اگر یہ جمہوریت اور سیاست نہیں ہے تو آپ چاہتے کیا ہیں۔ اس لیئے میں سمجھتا ہوں کہ ایک جمہوری سلسلہ اس ملک میں پنپ رہا ہے۔ میں پھر ایک پاکستانی سیاسی عام کارکن کی حیثیت سے تمام جمہوریت پسند لوگوں اور سیاسی جماعتوں

سے یہ عرض کروں گا کہ آئیے ہم اس درخت کو پھلنے پھولنے دیں اور اس کے لئے وہ راستہ ہم اختیار کریں جس پر چل کر ہم جمہوریت کو آگے بڑھا سکیں بجائے اس کے کہ ہم اس کا گلا کاٹیں۔ مثلاً ایک جمہوری بات ہے اکثر یہ تجویز آئی ہے کہ محمد خان جونیجو استعفیٰ دے دیں۔ ٹھیک ہے صاحب ہم بالکل مانتے ہیں کہ استعفیٰ دے دیں۔ لیکن کیوں۔ جمہوریت کے اس اصول کے مطابق وہ شخص استعفیٰ دے۔ جمہوریت کے اصولوں میں ایک اصول یہ بھی ہے اگر کوئی شخص ایوان سے اعتماد کا ووٹ لیتا ہے تو اس کو مکمل حق ہے کہ وہ اپنے مخصوص عرصہ کے لئے حکومت کرے۔ اگر آپ جمہوریت کی بات کرتے ہیں تو آپ جمہوریت کے اس اصول کو بھی مانیں۔ آپ نے اس دن بجا فرمایا کہ اگر کوئی شخص یہ سمجھتا ہے کہ جونیجو گورنمنٹ فیل ہو چکی ہے تو آپ اسی ہاؤس کے اندر، اس پارلیمنٹ کے اندر عدم اعتماد کا ووٹ لے آئیں۔ چشم ما روشن دل ما شاد۔ لیکن صرف کراچی کے مسئلے کا یہ حل بتانا کہ جونیجو استعفیٰ دے دے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ اس مسئلے کا حل نہیں ہے بلکہ جمہوریت کے پودے پر کلہاڑی چلانے کے مترادف ہے جس کی ہم سب آبیاری کر رہے ہیں۔

جناب والا! ان الفاظ کے ساتھ میں صرف دو چار تجاویز دینا چاہوں گا۔ ایک تجویز یہ ہے کہ پارلیمنٹ جو کہ اس ملک کے تمام معاملات میں ایک حیثیت رکھتی ہے، اس کے چند اراکین اور سپریم کورٹ کے کسی جج پر مشتمل ایک کمیٹی قائم کی جائے۔ جو ان واقعات و حالات کی تحقیقات کرے۔ اور تحقیقات کے نتیجے میں جو شخص بھی ملوث پایا جائے، خواہ وہ ملک میں کسی بھی مرتبے کا مالک ہو اسے کیفر کردار تک پہنچایا جائے۔ اس کے لئے سوسائٹی میں کوئی گنجائش نہیں ہونی چاہیے کہ وہ زہر کے انجکشن دیتا رہے اس کے علاوہ اس ملک کے باشندے ملک کے جس جس حصے میں بھی رہ رہے ہیں ان کا قومی فرض بنتا ہے کہ جب وہ معاشرے میں غلط قسم کے feelings محسوس کریں تو فوراً اس کا تدارک کریں۔ اس سلسلے میں

[Mir Hussain Bukhsh Bungalzai]

گڈانی ایک جگہ ہے ۔ وہاں پر ہمارے دس پندرہ ہزار پٹھان بھائی رہتے ہیں شپ بریکنگ کرتے ہیں ۔ ان کا سیٹھ مہاجر اور پنجابی ہے ۔ مگر شپ بریکر پشتون پٹھان ہیں ۔ بلوچستان کے وزیر اعلیٰ نے مجھے فون کیا کہ ارباب جہانگیر صاحب ان پشتون لوگوں کی آبادی سے خطاب کرنا چاہتے ہیں تاکہ یہ لوگ کراچی کے واقعات سے متاثر نہ ہوں ۔ آپ ضرور آئیں ۔ ہم نے اپنا قومی فرض سمجھا ہم ادھر پہنچ گئے ۔ ان لوگوں سے ہم نے خطاب کیا اور اس پشتون آبادی نے پندرہ بیس ہزار کے حساب سے ان لوگوں نے مہاجر پٹھان بھائی بھائی کے نعرے لگائے ۔ انہوں نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے ۔ اس لیئے میری مودّبانہ درخواست ہے تمام معزز اراکین سے اور پاکستان کے ایک ایک شہری سے کہ جب کبھی بھی آپ کو کسی بھی کونے سے اپنا مثبت رول ادا کرنے کا موقع ملے تو اس کو آپ ضائع نہ کریں آپ کا قومی فرض بنتا ہے کہ آپ اس میں ضرور حصہ لیں ۔

جناب والا! یہ واقعات یقیناً غلط بھی ہیں ۔ مگر اس پر بیٹھ کر رونا کافی نہیں ہے ۔ میری تجویز یہ ہے کہ ہم سب مل کر اس کے بنیادی حقائق معلوم کریں اور ان بنیادی حقائق کا مداوا بھی ہمارے پاس ہونا چاہیے تاکہ اس کے بعد کوئی بھی چنگاری کسی بھی کارنر میں ہو اس کو ہم شعلہ نہ بننے دیں بلکہ اس چنگاری کو ادھر ہی دبا دیں ۔ ان معروضات کے ساتھ جناب والا! میں آپ کا اور معزز ایوان کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے سنا ۔ شکریہ ۔

جناب چیئرمین : بہت شکریہ ۔ قاضی عبداللطیف صاحب ۔

قاضی عبداللطیف : نحمدہ ونصلی علی رسول الکریم ۔ جناب چیئرمین! وزیر داخلہ صاحب نے اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے تیسری مرتبہ اس ایوان کو مشورہ دینے کے لیئے وقت عنایت فرمایا ہے کہ یہ احساس یقیناً قابل قدر ہے اور ہم ان کے مشکور ہیں لیکن اس کے ساتھ ساتھ میں یہ گزارش کروں گا کہ پچھلے دو مباحث میں جو سفارشات کی گئی تھیں کم از کم ہمیں ان کے نتائج کا آج تک علم نہیں ہے ۔ موجودہ حالات اس عنوان سے ہمارے سامنے پیش

کیے گئے ہیں کہ کراچی کے اس المیئے پر بحث کی جائے اور اس کے حل کے لیئے کوئی مشورے دیئے جائیں میں اس عنوان سے متفق نہیں ہوں ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ صرف کراچی ہی نہیں بلکہ سارے ملک کو آتش فشاں بنا دیا گیا ہے ۔ جناب والا! اس سے پہلے کہ میں اس کی نشاندہی کروں کہ اس کو کیسے بنایا گیا ہے سب سے پہلے میں گذارش کروں گا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ قیامت کی علامت میں سے ایک علامت یہ ہوگی کہ قاتل اور مقتول میں سے کسی کو یہ معلوم نہیں ہوگا کہ میں کیوں قتل کر رہا ہوں اور مقتول کو یہ علم نہیں ہوگا کہ مجھے کس جرم کی بنا پر قتل کیا جا رہا ہے ۔ آج میں سمجھتا ہوں کہ کراچی کے حالات میں وہی پیشین گوئی ہم پر صادق آرہی ہے کہ کسی کو یہ معلوم نہیں ہے کہ قاتل نے یہ اقدام کیوں کیا ہے اور نہ مقتول کو یہ علم ہے کہ یہ پاداش کس جرم کی ملی ہے مشکواۃ شریف میں ہے کہ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہٗ کی ایک روایت ہے ۔ انہوں نے فرمایا کہ اعمال کے اپنے اثرات ہوتے ہیں ۔ انہی اعمال میں سے انہوں نے یہ نشاندہی فرمائی تھی کہ جس ملک میں عدل و انصاف نہیں ہوتا اس میں خونریزی بڑھ جاتی ہے اب ہمیں اپنے آپ کا محاسبہ کرنا چاہیئے کہ آج ہم کس مقام پر پہنچے ہوئے ہیں، کیا کر رہے ہیں اور کہاں جا رہے ہیں ۔ جناب والا! یہ سانحہ کیسے ہوا، کیوں ہوا اس کا تدارک کیا ہے ۔ جس طریقے سے نوابزادہ صاحب نے کہا تھا

مرا دردیس اندر دل
اگر گویم زباں سوزد
وگر دم در کشم ترسم
کہ مغز استخواں سوزد

یہ اچانک واقعہ تو نہیں ہوا مسلسل اس کے لیئے مواد پکایا جا رہا تھا ۔ یہ ہمارے سامنے ایک اتفاقی واقعہ نہیں ہے ۔ برسوں سے یہ کام کیا جا رہا ہے ہم نے اس کا نوٹس نہیں لیا مشرقی پاکستان کے واقعات سے ہم نے عبرت

[Qazi Abdul Latif]

حاصل نہیں کی دشمن نے اسی آگ کو آگے بڑھایا اور ہم نے ان لوگوں کی حوصلہ افزائی کی جو کہ برملا کہتے ہیں کہ ہم پاکستان کو نہیں مانتے جو علی الاعلان کہتے ہیں کہ پاکستان کو توڑ دو ، اخبارات میں آتا ہے ، رپورٹوں میں آتا ہے اور ہم ان لوگوں کی حوصلہ افزائی اور عزت کر رہے ہیں - ان کو لانے کے لیئے استقبالات ہوتے ہیں اور ان کے اس مشن کو آگے بڑھایا جاتا ہے - آج ان پہ پابندی لگائی جاتی ہے کہ تم فلاں علاقے میں داخل نہیں ہو سکتے ہو- عجیب تماشا یہ ہے کہ

وقت پر قطرہ ہے دریا ابر خوش ہنگام کا
جل گیا جب کھیت پھر برسا تو کس کام کا

آج جب آگ بھڑک اٹھی ہے اور آپ لوگوں نے یہ نہیں سنا کہ گورباچوف جب دہلی سے روانہ ہو رہے تھے تو انہوں نے کہا تھا کہ ہم پاکستانیوں کے ساتھ دوستی کی نئی رائیں تلاش کریں گے- اب ان کے اعلان کو اس کی روشنی میں دیکھنا چاہیے کہ ان کا معیار دوستی کا کیا ہوتا ہے - ان کی دوستی کا معیار یہی ہے کہ جو انہوں نے افغانستان میں ادا کیا ہے - آج بھی وہ کہہ رہے ہیں کہ ہم افغانستان کے دوست ہیں اور افغانستان کی ہم بھلائی چاہتے ہیں اسی کو مستحکم کر رہے ہیں ان کی دوستی کے معیار آپ کو معلوم ہیں وہاں سے روانہ ہوتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان کے ساتھ دوستی کی نئی راہیں تلاش کریں گے وہ نئی راہیں یہی تھیں اور آپ کو پتہ ہے کہ اس کے ایجنٹ ہفتہ وار ان کے پاس جا کر ان سے ہدایات لیتے ہیں اور آپ کے ہاں آتے ہیں-

جناب والا ! آپ اس حقیقت سے بے خبر نہیں ہیں ، ساری دنیا آج کہتی ہے ، سارے ممبر یہ کہتے ہیں ، سارا ایوان یہ کہتا ہے کہ وہاں پٹھان اور مہاجر اکٹھے ہو کر پاکستان زندہ باد کے نعرے لگا رہے ہیں ، ایک دوسرے سے مل رہے ہیں اور گلے لگ لگ کر ایک دوسرے سے روتے ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ واقعہ کیوں پیش آیا- میں پوچھتا ہوں کہ اس کو کرانے والا کون تھا ، کس نے کرایا ، یہ سپرٹ کہاں سے آئی اور یہ آگ کہاں سے

لگی ، ہمیں یہ بتلایا جائے ، جب سارے کے سارے ہم دوست ہیں اور اس کے بعد یہ آگ لگتی ہے اور ہزاروں آدمی مارے گئے یہ غلط ہے کہ دو سو آدمی مر گئے ، ایک سو پچھتر آدمی مر گئے پتہ نہیں کہ کتنے آدمی مر گئے ہیں ، ہزاروں آدمی اس میں مر گئے ہیں ۔ اسلئے کہ دشمن کو معلوم تھا کہ ہم ساڑھے سات سو ہوائی حملے کر کے پاکستان کو کمزور نہیں کر سکے پاکستان نے بڑے تحمل سے صبر سے اور جرأت سے اس کا مقابلہ کیا اور اس کو تمام دنیا کے اندر ننگا کر دیا اور صبر اور تحمل سے ننگا کر دیا ، دلائل سے ننگا کر دیا اقوام متحدہ نے ہماری حمایت کی کہ ہم مظلوم ہیں ۔

کہا جاتا ہے کہ پاکستان کی وزارت خارجہ اور خارجہ پالیسی پر دوبارہ بحث کی جائے میں بھی کہتا ہوں کہ دوبارہ بحث کی جائے لیکن سوال یہ ہے کہ یہ ماننا پڑے گا کہ اقوام متحدہ میں مسلم سربراہ کانفرنس میں غیر جانبدار اداروں میں ہم نے اپنی مظلومیت کو ثابت کر دیا ہے اور تمام دنیا نے یہ بات تسلیم کی ہے کہ ہم پاکستان کا موقف صحیح اور برحق ہے اور اسی چیز سے آج گھبرا کر کے انہوں نے اپنی دوستی کے طریقے بدل دیئے ہیں ۔ وہ ہمیشہ یہ کہتے ہیں کہ ہم پاکستان کے ساتھ دوستی کرتے ہیں ، میں پوچھتا ہوں کہ یہ پاکستان کی دوستی تھی کہ ایک غیر ملک کا سفیر آکر آپ کے ملک میں سیاسی جماعتوں کی میٹنگوں میں جاتا ہے اور ان کو وہ متحد کرتا ہے اور ان کو ایک پلیٹ فارم پر لاتا ہے اور ہم دیکھتے رہتے ہیں ، ہمارے اندر یہ جرأت نہیں ہے کہ ہم اسے کہہ دیں کہ تم سفارتی آداب سے تجاوز کر رہے ہو یہ کہاں کے سفارتی آداب ہیں کہ وہ آکر ہماری جماعتوں کے اندر مداخلت کرتے ہیں اور ہم اپنے سیاسی جماعتوں کے ایکٹ میں لکھتے ہیں کہ باہر سے جو دولت آئے گی ، باہر سے جو اثر و رسوخ آئے گا ، اس کے لئے ان سیاسی جماعتوں کو یہاں کام کرنے کی اجازت نہیں ہوگی ۔ لیکن جب وہ آتے ہیں تو طورخم کی زنجیر ان کے لئے کھول دی جاتی ہے ، یہ ذمہ داری کس کی ہے ، آپ لوگوں

[Qazi Abdul Latif]

سے کہتے ہیں کہ متحد رہیں، متفق رہیں، میں بھی کہتا ہوں متحد اور متفق رہیں لوگوں نے اپنی جرأت کا اپنے سیاسی تدبر کا ثبوت دیا ہے کہ وہ لوگ جو سیاست کے لبادے میں ملک میں تخریب کاری کرنا چاہتے ہیں، انہوں نے ان سب کو ٹھکرا دیا ہے وہ بار بار اعلانات کرتے رہے ہیں کہ ہم سول نافرمانی کی تحریک شروع کرنے والے ہیں، ہم عوام کے مطالبات پیش کرتے ہیں، عوام کے حقوق مانگ رہے ہیں لیکن کسی نے ان کا ساتھ نہیں دیا۔ان کو شرمندگی اٹھانی پڑی۔ لیکن یہ کام عوام کا نہیں ہے۔یہ ان لوگوں کا ہے کہ جن کی موٹر کاروں پر وزارت کے جھنڈے لہرا رہے ہیں، جن کو پولیس سلامی دیتی ہے، جن کو فوج سلامی دیتی ہے، ان کا فرض تھا لیکن انہوں نے اپنا فرض کتنا ادا کیا ہے، سوال تو یہ ہے، میں پوچھتا ہوں کہ ہمیں کہا جا رہا ہے کہ یہ واقعہ کراچی تک محدود ہے، میں کراچی تک محدود ہونے کا قائل نہیں ہوں اس لیئے کہ پاکستان کی بقا کے لیئے دو طاقتیں ہیں ایک قلم کی اور دوسری تلوار کی، قلم مہاجر کے پاس ہے اور تلوار پٹھان کے پاس ہے۔

یہ تاریخی حقیقت ہے کہ پاکستان بننے کے بعد تمام قبائلی علاقے سے جتنی فوج وہاں متعین تھی ساری فوج کو واپس بلا لیا گیا۔ کیوں، اس لیئے کہ وہ یہ سمجھتے تھے کہ یہ ہمارا ملک ہے ہم اس کی حفاظت کریں گے، انہوں نے اپنے خون سے اس کی حفاظت کی ہے پٹھان نے جا کر کے کشمیر میں اپنا لوہا منوایا ہے اور کشمیر کی موجودہ حد بندی پٹھان ہی کی قربانی کا نتیجہ ہے اور اس کے بعد جتنے عرصے تک بھی افغانستان کے ساتھ آپ کی چپقلش رہی، پختونستان کا سٹنٹ پٹھان نے ناکام بنایا ہے اور ان سرحدات کی ساری حفاظت کہ جو آپ فوج کے ذریعے سے نہیں کرا سکتے تھے یہ ساری حفاظت پٹھان نے کی ہے، اب دشمن کو یہ معلوم ہوا کہ اس آہنی دیوار کو کیسے توڑا جائے اب اس آہنی دیوار کو توڑنے کے لیئے آپ کی سرحدات پر آباد پٹھانوں کو بدظن

کرنے کے لیئے پہلے تو یہ منصوبہ بنایا گیا تھا کہ افغان مہاجرین اور مقامی لوگوں کے درمیان میں خانہ جنگی کرائی جائے، میں ابتدأ سے یہ کہتا آیا ہوں اور آج بھی الحمدللہ فخر کی بات نہیں، تحدث نعمت کی بنیاد پر کہتا ہوں کہ پٹھان پیدائشی سیاستدان ہے اس نے اس حربے کو ناکام بنا دیا، وہ اشتعال میں نہیں آیا تیس لاکھ مہاجر بھی اگر اس کے علاقے میں رہے تو اس نے اس کے ساتھ برادر کا سلوک کیا ہندوستان سے مہاجر آئے تو ان کے ساتھ بھی برادر کا سلوک کیا اور آپ کو معلوم ہے کہ پاکستان جس وقت بن رہا تھا پاکستان کے تمام علاقوں میں سب سے کم ترین جو فسادات ہوئے ہیں وہ صوبہ سرحد میں ہوئے ہیں جہاں پٹھان آباد ہیں، انہوں نے اقلیتوں کی حفاظت اپنے خون سے کی ہے اور ان سے کہا ہے کہ یہ ہمارے بھائی ہیں، اگرچہ دین کے لحاظ سے ہم علیحدہ ہیں لیکن ہمارا یہ فرض ہے اور ہماری غیرت کا یہ تقاضا ہے ہم ان کے بچوں کی ان کی عورتوں کی عزت کی حفاظت کریں اور ان کے ساتھ وہ آج تک شریک ہیں کاروبار میں شریک ہیں - اب دشمن کو یہ معلوم تھا کہ ہم اسلحہ کے ذریعے سے پاکستان کو زیر نہیں کر سکتے - اس نے یہ حربہ استعمال کیا کہ ان لوگوں کے درمیان منافرت پھیلائی جائے - پہلا منصوبہ یہی تھا کہ مہاجر اور مقامی کو لڑایا جائے - اس میں ناکامی کے بعد انہوں نے یہ کیا کہ پٹھانوں کو یہ اشتعال دلایا جائے کہ تم پاکستانی نہیں ہو، تمہیں پاکستانی شمار نہیں کیا جاتا -

میں پوچھتا ہوں کہ ۲۵/۳۰ ہزار کی آبادی جو سہراب گوٹھ میں موجود تھی .... ہم منشیات کے قائل نہیں ہیں، مذہبی لوگ ہیں، اس پر لعنت بھیجا کرتے ہیں، جبکہ حکومت کا مشن یہ نہیں تھا اس وقت بھی ہم اس کی مخالفت کرتے تھے - آج بھی کرتے ہیں - اور کہتے ہیں کہ وہ مجرم ہیں جو یہ کاروبار کرتے ہیں ... لیکن سوال یہ ہے کہ ۲۵ ہزار کی ساری آبادی بدمعاش نہیں ہو سکتی، میں کہتا ہوں کہ وہ انتظامیہ بدمعاش ہے جس نے ان پر حملہ کیا ہے اور ان کو نکالا ہے کیا ۲۵ ہزار ساری کی ساری آبادی بدمعاش بن گئی تھی - وہاں انہوں نے بلڈوزر پھیر دیا ہے اس کا

[Qazi Abdul Latif]

مقصد یہی تھا میں اگر یہ کہوں کہ یہ ان لوگوں کے ایجنٹ ہیں، پہلے ہمیں خدشہ تھا کل ہمارے نواب چھتاری صاحب نے یہ انکشاف کیا ہے کہ یہ سارا کارنامہ وزیر اعلیٰ کا ہے اب میں کہوں گا کہ ان کے خلاف انکوائری کرائی جائے اس لئے کہ انہوں نے کہا تھا کہ اگر یہ کلین اپ نہیں کیا جاتا، تو میں استعفیٰ دے دوں گا۔ میں پوچھتا ہوں کہ ان بچوں کا کیا جرم تھا۔ ان عورتوں کا جرم کیا تھا۔ آج اپنے عیوب کو چھپانے کے لئے، اپنی شرمندگی کو چھپانے کیلئے.... یہ تو وہی، کہاوت ہوئی "کہ کھسیانی بلی کھمبہ نوچے" آج کہا جا رہا ہے کہ راز فاش ہو گیا ہے، اپنی شرمندگی کو چھپانے کے لئے کیونکہ وہاں سے کوئی اسلحہ نہیں ملا ہے آپ کو پٹھانوں کی غیرت کا پتہ ہے کہ اگر ان کے پاس اسلحہ ہوتا تو کیا آپ کی فوج ان پر حملہ کرکے ان کے بچوں اور عورتوں کو نکال دیتی وہ اسلحہ کہاں گیا۔ پٹھانوں کے پاس اسلحہ حفاظت کے لئے ہوتا ہے وہ چھپانے کے لئے نہیں ہوتا، وہ چلانے کے لئے ہوتا ہے، اگر ان کے پاس اسلحہ تھا تو وہ کہاں گیا کیوں نہیں سامنے آیا۔ کیوں ہاتھ نہیں آتا، اگر وہاں منشیات تھی تو وہ منشیات کہاں گئی اخبارات میں ہم پڑھتے رہے گھروں کے اندر تہہ خانوں کی تلاشی لی گئی ہے، نالیوں کی تلاشی لی گئی اور جو چھپے چھپے خانے تھے ان کی تلاشی لی گئی ہے تنوروں کی تلاشی لی گئی ہے لیکن ان میں کچھ نہیں ملا معلوم ہوتا ہے کہ یہ محض مظلوم اور معصوم لوگوں پر حملہ کیا گیا ہے میں کہوں گا کہ یہ دشمن کی چال تھی اور یہ لوگ ان کے ایجنٹ ہیں، اب ان کے خلاف یہ کارروائی ہونی چاہیئے کہ تم نے یہ کام کیوں کیا۔

میں یہ عرض کروں گا کہ اسی ہاؤس سے ایک کمیٹی بنائی جائے، میں ایسا نہیں کہوں گا کہ اس میں قومی اسمبلی کے ممبر بھی شامل ہوں، قومی اسمبلی نے کبھی یہ نہیں کہا کہ اس میں پارلیمنٹ کے ممبر بھی شامل ہوں، تو میں کیوں کہوں کہ قومی اسمبلی کے ممبر بھی ہمارے ساتھ شامل ہوں۔ اس ہاؤس سے ایک کمیٹی بنائی جائے اور وہ کمیٹی تمام جماعتوں پر مشتمل ہو، مسلم لیگ کے ممبر اس میں بحیثیت مبصر کے ہوں، اس لئے کہ مسلم لیگ حکمران جماعت ہے اور وہ جا کہ وہاں تحقیق کرے، تین دائرے تحقیق میں ہوں، ایک تو یہ کہ اورنگی ٹاؤن پر حملہ کس نے کیا اور کس بنیاد پر کیا، ان کے وہ کونسے مفادات تھے جو آپس میں اکٹھے تھے، جن کی بنیاد پر وہ آپس میں لڑ رہے تھے، میں تو وہاں پر مزدور ہوں میں تو وہاں پر پالش کر رہا ہوں، میں تو وہاں فٹ پاتھ پر بیٹھتا ہوں، میرے مفادات کا ان کے ساتھ کیا تھا۔ کیا میری ان کے ساتھ اقتصادی جپقلش کیا تھی؟ سوال تو یہ ہے کہ میں کیوں

مارا گیا ہوں۔ ۳۰ ہزار بچوں، عورتوں اور مردوں کو اس سردی میں نکال کر بغیر کسی انتظام کے جنگل میں پھینک دیا گیا ہے اور کہا جاتا ہے کہ ہم نے یہ آپریشن منشیات کے خلاف کیا ہے، میں کہتا ہوں کہ تم نے یہ آپریشن ملک کی سلامتی کے خلاف کیا ہے اور پھر آپ نے دیکھا کہ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ اقتصادیات کا مسئلہ ہے جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ یہ روزگار کا مسئلہ ہے میں پوچھتا ہوں کہ بنگال ہم سے علیحدہ ہوا تھا تو اقتصادیات کا مسئلہ لے کر ہم سے علیحدہ ہوا تھا، کیا اس کے بعد ان کے مسائل حل ہو گئے ہیں، وہاں جلوس نہیں ہیں، وہاں ہڑتالیں نہیں ہیں۔ یہاں پٹھان، سندھی اور بلوچ اور پنجابی کا سوال نہیں ہے، یہاں ظالم اور مظلوم کا سوال ہے یہاں دیانت اور بد دیانت کا سوال ہے، یہاں فاسق، فاجر اور جابر کا سوال ہے وہ چاہے جس قوم سے بھی تعلق رکھتا ہو اور جب تک ہمارے اندر یہ سپرٹ نہیں آتی، کہ ہم ظالم کو ظالم کہیں، اور مظلوم کی حمایت کریں، تو آپ یقین کیجئے کہ یہ ملک باقی نہیں رہے گا۔

اب آپ اندازہ لگائیے کہ مسلمانوں کو جہاں کہیں بھی شکست ملی ہے وہ ان سازشوں کی بنیاد پر ملی ہے مسلمان نے اپنی تلوار کی دھاک بٹھائی ہوئی ہے، تمام دنیا میں دشمن کے پاس اس کے سوا اور کوئی چارۂ کار نہیں ہے کہ وہ یہ کرے کہ ان میں غدار پیدا کرے اور ان کے درمیان جا کر سازش پیدا کرے اور ان کے ذریعے سے یہ کام لے، بنگال علیحدہ تو ہو گیا اور جن لوگوں کا سارا ملک استقبال کیا کرتا تھا ان کا حشر کیا ہوا۔ ان کے گھرانے کا حشر کیا ہوا آج بھی وہی حربہ ہمارے خلاف استعمال کیا جا رہا ہے میں گزارش کر رہا تھا کہ ایک کمیٹی بنائی جائے، تمام جماعتوں کے نمائندے اس میں شامل ہوں اور وہ تین دائروں میں تحقیقات کرے (۱) اورنگی ٹاؤن پر حملہ کس نے کیا اس کے اسباب کیا تھے اور اس کے مجرم کون ہیں۔ (۲) انتظامیہ کا رول کیا رہا، انتظامیہ نے وہاں کیا کیا، آج اسی انتظامیہ کو بچانے کے لئے انتظامیہ کے سربراہ کو تو ہٹا دیا گیا ہے اور دوسرے وزراء کو قربانی کا بکرا بنا دیا گیا ہے اور تحقیقات کا رخ موڑنے کے لئے گورنر کو قربانی کا بکرا بنایا گیا ہے میں پوچھتا ہوں کہ ملزم اور مجرم کا پتہ تب چلے گا جب آپ تحقیقات کرائیں، میں شاید سندھ کے وزیر اعلیٰ پر فرد جرم بالکل نہ لگاتا اگر اس کی پارٹی کے ایک معزز رکن نواب چھتاری صاحب نے یہ کل کہا ہوتا کہ یہ اس کا کام تھا، اس نے یہ کہا تھا، اگر...

**Mr. Rahat Saeed Chhattari :** Point of personal explanation.

جناب چیئرمین : میرے خیال میں یہ ختم کر دیں تو پھر آپ .....

قاضی عبداللطیف : اگر انہوں نے یہ فرمایا ہوتا . . . . .

جناب چیئرمین : قاضی صاحب ذرا اختصار سے کام لیں کیونکہ اور بھی بہت سارے ....

قاضی عبداللطیف : میں اپنے مقصد پر تو اب آیا ہوں. میں گزارش کر رہا تھا کہ میں نے حالات کا تجزیہ نہیں کیا ۔ اور نہ میں ان حالات میں دہل گیا ہوں، میں یہ عرض کر رہا ہوں کہ تین دائروں میں اس کی تحقیقات ہو، انتظامیہ کا رول کیا رہا وہاں اگر چھ گھنٹے تک فائرنگ ہوتی رہی تو انتظامیہ کہاں سوئی رہی ہے ۔ (۳) سہراب گوٹھ کے اندر یہ کارروائی کس نے کی اور کیوں کی ، ۳۰ ہزار انسانوں کو وہاں سے کیوں نکالا گیا ، ان کے گھروں پر بلڈوزر کیوں پھیرے گئے تھے ، کیا یہ دشمن لوگ تھے کیا یہ باہر سے آئے ہوئے تھے کہ ان کے خلاف یہ کارروائی کی جا رہی تھی ان حالات کے ہوتے ہوئے میں یہ کہوں گا کہ جناب یہ باہر کی سازش ہے ۔ انہوں نے اپنا حربہ استعمال کیا ہے ، آج حکومت کو یہ احساس ہو رہا ہے ، وہ پابندیاں عائد کر رہی ہے اور جبکہ ہم دو سال سے چلا رہے ہیں کہ بھئی ملک کے اندر کیا ہو رہا ہے اور کیا کر رہے ہو ۔ آج انہوں نے یہ کہا ہے ہم نے آپ کے لئے دوستی کے طریقے بدل دیئے ہیں وہ دوستی کے طریقے انہوں نے اسی طریقے سے بدلے ہیں ۔ یہ کہا جا رہا ہے کہ وہ افغانستان میں آج مصالحت کرا رہے ہیں ، ہمیں خوشی ہے خدا کرے کہ ایسا ہو جائے ۔ ان کی مصالحت ہو جائے اور ہمیں خوشی ہو گی کہ ہمارے مہاجر بھائی عزت سے اپنے ملک میں واپس چلے جائیں ہم اس پر بحث کرنا نہیں چاہتے کہ انکے اعلان میں کیا ہے لیکن اتنی گزارش تو ہم کرینگے اور ان میں اصل فریق وہ مہاجرین یا مجاہدین ہیں ان سے بات کی جائے ، لوگوں کو یہ دعوت دینا کہ آؤ ہم الیکشن کرتے ہیں ۔ اور الیکشن کے ذریعے سے اس روس کی کٹھ پتلی حکومت کو مضبوط و مستحکم بنانا ہے بہر حال یہ جواب خود مہاجر یا مجاہدین ہی دیں گے ہم اتنا سمجھتے ہیں کہ جو اصل رول ادا کیا ہے کہ تمام دنیا کو یہ اعتبار دلوایا ہے کہ ہم مظلوم ہیں اور تمام دنیا نے مظلومیت کی اور ہمارے مؤقف کی حمایت کی ہے

ہمیں اپنی وزارت خارجہ کے اس کارنامے پر فخر ہے کہ انہوں نے وہ جنگ لڑی جو ہم پر مسلط کی گئی تھی

یہ جو سرد جنگ تھی کہ جس ملک پر ۲۰ لاکھ انسانوں کو پھینک دیا گیا ہوا سے میں جنگ نہ کہوں تو کیا کہوں ۔ اب اس سرد جنگ کو وہ گرم جنگ میں تبدیل کرنا چاہتے ہیں اس کے لئے انہوں نے ابتدائیں کی ہے کہ آپ کے گھر کے اندر آگ لگا دی ہے ۔ اس آگ کو بجھانے کے لئے آپ کو اقدامات کرنے ہوں گے ۔ آپ نے اگر اس کے اندر کمیٹیاں بنا دی ہیں کہ تحقیقات کریں تو یہ ایک فوری چیز ہے آپ نے اگر واقعتاً ان برائیوں اور خامیوں کو نکالنا ہے جہاں سے یہ تاثر پیدا ہوا ہے تو پھر آپ کو قانون اور عدالتی طریقے بدلنے پڑیں گے اسلام کا قانون اور طریق عدل لانا ہوگا اقتصادیات و معاشیات کو بدلنا ہوگا میں یہ نہیں کہتا کہ اقتصادیات کا مسئلہ نہیں ہے میں ضرور مانتا ہوں مگر اس کو حل کیا جائے اس طریقے سے جس طریقے سے اسلام نے تبلایا ہے یہ اسلام ہی کا سبق تھا جس نے کہا تھا کہ

عربی

اللہ تعالیٰ نے تمام انسانوں کو بنی آدم بنا دیا اسی چیز کو حضور اکرم ؐ نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا تھا کہ آج کوئی عربی اور کوئی عجمی نہیں ہے ۔ آج ہم نے عربوں کے عربیت کے غرور کو خاک میں ملا دیا ہے ۔ پاکستان اسی بنیاد پر بنا تھا پاکستان کے باشندوں نے تمام آنے والوں کا خیر مقدم اسی بنیاد پر کیا تھا کہ وہ ہمارے بھائی عزیز اور ابن آدم ہیں اور ہم اکٹھے رہیں گے میں گزارش کروں گا کہ ہمیں قانون اور عدالت کے طریقۂ کار کو بدلنا ہوگا تحقیقات کے طریقہ کار کو بدلنا ہوگا معاشی حالات کو بدلنا ہوگا معاشرے کو بدلنا ہوگا، اور معاشرے کی اصلاح کرنا ہوگی جبکہ آج تک ہم ان باتوں کو مولویوں کی باتیں سمجھتے رہے ہیں اور اس کو ٹھکرا دیتے ہیں کہ یہ مولویوں کی باتیں ہیں اخلاقیات کو ہم نے قانون سے تعلیم سے علیحدہ کر دیا کہ اس کا کوئی تعلق ہی نہیں ہے ۔ اگر آپ اخلاقیات کے ساتھ اس کو نہیں ملائیں گے تو لارڈ سٹیفورڈ کا مجھے وہ اعلان یاد ہے جو انہوں نے ۱۹۴۵ء میں برطانیہ میں پاکستانی طلباء کے سامنے تقریر کرتے ہوئے کیا تھا آج دنیا تباہی اور ترقی کے پلڑے میں تل رہی ہے ترقی پر اگر روحانیات کا پہرہ نہ ہو تو دنیا کی تباہی یقینی ہے میں بھی یہی عرض کروں گا کہ روحانیات اور اخلاقیات کو اپنی ترقی سے باہر نہ نکالیں ۔ آپ نے اسے نسیاً منسیاً کر دیا ہے اگر ان

[Qazi Abdul Latif]

کا پہرہ نہیں آئے گا تو کوئی انسان اپنی ذمہ داری محسوس نہیں کرے گا۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اپنی معروضات ختم کرتا ہوں۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

جناب چیئرمین : شکریہ! جناب راحت سعید چھتاری صاحب۔ on a point of personnal explanation'.

جناب راحت سعید چھتاری : جناب! حضور والا تشریف یہاں نہیں رکھتے تھے۔ اس لئے جو کچھ میں نے کل یہاں عرض کیا تھا اسے دہراتا ہوں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ جب یہ واقعہ کراچی میں پیش آیا کہ سہراب گوٹھ کے خلاف ایکشن لیا گیا تو مختلف جتنے بھی سیاسی لوگ تھے انہوں نے اس سے فائدہ اٹھا کر یہ کہنا شروع کیا کہ وزیراعلیٰ کو مستعفی ہونا چاہیئے اور سندھ گورنمنٹ کو گرا دینا چاہیئے اس کے بعد نئی حکومت بننی چاہیئے اسلئے ساری ذمہ داری ان کی ہے وہ چاہتے تھے کہ ایک نیا خلفشار اس جمہوریت کے راستے میں کھڑا کر دیا جائے تو میں نے جو کل عرض کیا تھا وہ یہ تھا کہ ہمارے وزیراعلیٰ نے خود کہا کہ اگر تم لوگ یہاں بیٹھے ہوئے یہ سمجھتے ہو کہ یہ غلط کام ہوا ہے تو میں یہاں اسی وقت استعفیٰ دینے کے لئے تیار ہوں لیکن Majority نے ان کی اس ڈیمانڈ کو رد کیا اور یہ کہا کہ آپ ہرگز استعفیٰ نہیں دیں گے ہم نے یہ اس لئے نہیں کہا کہ سہراب گوٹھ میں پٹھان تھے ان کے گھروں پر مصیبت آئی تھی بلکہ ہم نے اس لئے کہا کہ ہیروئن سے ہماری پوری قوم تباہ ہو رہی ہے جو بچہ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے وہ ہیروئن کا عادی پیدا ہوتا ہے ....

جناب چیئرمین : شکریہ! میرے خیال میں ہو گیا جناب حسن اے شیخ صاحب ابھی تک کوئی بارہ سپیکر اور ہیں تو میں ایک دفعہ پھر درخواست کروں گا کہ اختصار سے کام لیں۔

جناب حسن اے شیخ : میں کوشش کروں گا کہ کم وقت لوں۔ جناب چیئرمین صاحب! میں سمجھتا ہوں کہ جو حالات کراچی میں پیدا ہوئے وہ پٹھان اور مہاجر کے درمیان صحیح معنوں میں نہیں تھے یہ حالات منشیات کا کاروبار کرنے والے اور دوسرے لوگوں نے پیدا کئے۔ اتفاق سے کچھ پٹھان منشیات کے کاروبار میں ملوث ہیں۔ ایسا ایک خیال اس وقت لوگوں میں موجود تھا، لیکن پٹھانوں نے پاکستان بنانے کے لئے نہ صرف فرنٹیئر میں بلکہ اور ایریاز میں بھی

بڑی زبردست قربانی دی ہے ۔ میں پاکستان بننے سے پہلے بمبئی کا باشندہ تھا وہاں پر پٹھانوں نے ہمیشہ ہندوؤں اور مسلمانوں کے فسادات میں ایک vanguard بن کے لوگوں کی حفاظت کی ہے غیر پٹھانوں کی حفاظت کی ہے اوران ہندو مسلم فسادات میں زیادہ سے زیادہ قربانی پٹھانوں نے دی ہے ۔ عام طور پر وہاں پٹھان چوکیدار ہوتے تھے اور چوکیدار ٹیکسٹائل ملوں کے ہوتے تھے جو زیادہ تر ہندوؤں کے حلقے میں situated تھیں اس چوکیداری کے کام کی وجہ سے وہ اکیلے اکیلے ان ایریاز میں ملتے تھے اور ہندو لوگ ان کو اپنا نشانہ بناتے تھے اور مارتے تھے casualties میں ان کی تعداد عام طور پر مسلمانوں کی تعداد سے زیادہ ہوتی تھی یہ کہنا غلط ہے کہ پٹھانوں نے پاکستان کے لئے قربانی نہیں دی یا صرف پٹھانوں نے ریفرنڈم سے پاکستان حاصل کرنے کی مدد کی اس کے علاوہ بھی پٹھانوں نے زبردست مدد کی ہے جو بلوچی پٹھان بمبئی میں رہتے تھے وہ کراچی میں آئے ، میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کو ویسے ہی treat کیا گیا تھا جیسے دوسرے refugees treat کئے گئے تھے ۔ مجھے معلوم ہے کہ ایک مکان جس پر بلوچی پٹھان قابض تھا ۔ وہاں دوسرا بمبئے والا پٹھان مہاجر آیا لیکن مکان اس کو نہیں دیا گیا بلکہ اسی بلوچی پٹھان کو دیا گیا کیونکہ وہ پہلے اس پر قابض ہوا تھا ۔

میں یہ بات بالکل قبول نہیں کروں گا کہ یہ مسئلہ پٹھان اور مہاجر کا مسئلہ تھا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ مسئلہ صرف منشیات کا کاروبار کرنے والوں کا تھا اور دنیا بھر میں مافیا کی آرگنائزیشن اتنی زبردست منظم ہے کہ جہاں بھی جو کوئی research ہوتی ہے وہ فوری طور پر شکاگو سے پاکستان یا دوسرے ایریاز میں پہنچ جاتی ہے ۔ دنیا میں criminals کا کیپٹل شکاگو ہے پاکستان نہیں ہے شکاگو United States میں ہے ۔ لوگ کہتے ہیں کہ پاکستان کے اندر یہ کاروبار چلتا ہے یہ نہیں چلنا چاہیئے میں خاص کر یہ امریکنز سے پوچھنا چاہتا ہوں

[Mr. Hasan A. Shaikh]

کہ اگر پاکستان روک سکتا ہے تو آپ نے کیوں نہیں روکا۔ پاکستان کے پاس ایسے آلات نہیں ہیں جن سے وہ تعاقب کرسکیں کہ کون منشیات کہاں لے جا رہا ہے آپ کے پاس ایسے سب آلات ہیں لیکن آپ اسے نہیں روک سکے میں سمجھتا ہوں کہ دنیا کی ساٹھ فیصد منشیات امریکی خریدتے ہیں اور باقی چالیس فیصد دنیا بھر میں بکتا ہے یہ ذمہ داری ان لوگوں کی ہے ۔

اب سوال رہا سہراب گوٹھ کا ۔ میں اپنے بھائیوں سے دست بستہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ وہ نہ بھولیں کہ سہراب گوٹھ پر (raid) ہونے سے پہلے کتنے لوگ مطالبات کرتے تھے ۔ کتنے لیڈر مطالبات کرتے تھے کہ سہراب گوٹھ کو ختم کر دینا چاہیئے یہ ایک دھبہ ہے جسے ختم کرنا چاہیئے ۔ اس کو ختم کرنے کے بعد منشیات کا کاروبار کراچی میں ختم ہو جائے گا میں جانتا ہوں میں مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی میں موجود تھا چیف منسٹر بھی وہاں پر موجود تھے ۔ ان کو کئی ممبران نے کہا کہ آپ کو سہراب گوٹھ کو ختم کر دینا چاہیئے اور ان سے وعدہ لیا تھا کہ وہ سہراب گوٹھ کو ختم کر دیں گے اب اگر سہراب گوٹھ کے بعد اس کا اثر ان لوگوں کے اپنے اندازے کے مطابق نہیں ہوا تو اس کی ذمہ داری میں نہیں سمجھتا کہ چیف منسٹر پر ہے چیف منسٹر نے وہ کام کیا جو کہ بہت بڑے بڑے لیڈر جو پاکستان میں اپنے آپ کو ان کی وفات کے بعد بھی بااثر سمجھتے تھے یا سمجھتے ہیں یا ان کے وارث سمجھتے ہیں سہراب گوٹھ پر ہاتھ ڈالنے کی ہمت نہیں کر سکے۔ یہ چیف منسٹر کا ایک زبردست کارنامہ ہے اور میں ان کو یہ کریڈٹ دیتا ہوں کہ انہوں نے یہ کارنامہ اپنے ہاتھ میں لیا یہ علیحدہ بات ہے لوگ کہتے ہیں کہ صاحب اخباروں میں آیا ہے کہ ایک کروڑ روپیہ افسروں میں تقسیم ہوتا تھا ہمارے منسٹر آف پلاننگ یہاں موجود ہیں ان سے بھی ایسا سٹیٹمنٹ منسوب کیا جاتا ہے کہ انہوں نے کہا کہ چالیس ارب روپیہ پاکستان میں کرپشن میں تقسیم ہوتا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ ان لوگوں کی ذمہ داری ہے جن کے پاس اس کی معلومات ہیں کہ وہ انکشاف کریں اور کم سے کم ان میں سے کچھ لوگوں کو تو پکڑا دیں ۔ وہ کیوں چپ بیٹھتے ہیں ۔ میں ڈاکٹر محبوب الحق سے براہ راست مخاطب نہیں ہوں ۔ وہ اتفاق سے یہاں موجود نہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ تمام وہ لوگ ، تمام وہ اخبارات جو یہ جانتے ہیں کہ کروڑوں روپیہ سہراب گوٹھ سے ڈسٹری بیوٹ ہوتا تھا ان کو چاہیئے اس کی خبر اگر ظاہری طور پر نہیں دے سکتے تو باطنی طور پر دے دیں ۔ اگر وہ باطنی طور پر دے دیں تو اس پر تحقیقات ہو سکتی ہے ان کے بارے میں جو کارروائی کرنا ہے کی جا سکتی ہے میں اتنی آپ سے اجازت چاہوں گا

کہ میں ڈاکٹر صاحب سے بھی دست بستہ گزارش کروں گا کہ وہ کچھ نام تو کم از کم کسی اور کو نہیں وزیر داخلہ صاحب کو بتا دیں تاکہ ان کے ہاتھ مضبوط ہو جائیں اور تفتیش کے لئے تو کوئی اقدام کر سکیں۔

سردار خضر حیات خان : اس میں چند پردہ نشینوں کے بھی نام آتے ہیں۔ اس لئے وہ ظاہر نہیں کرتے۔

جناب چیئرمین : براہ مہربانی مداخلت نہ کریں۔

جناب حسن اے شیخ : اگر پردہ ڈال کر پردہ نشین بنائیں تو یہ صحیح نہیں ہوگا۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ چیف منسٹر کا کارنامہ بڑا بولڈ اور ہمت والا کارنامہ تھا میں اسکی داد دیتا ہوں۔ لیکن سوال یہ نہیں ہے یہ کام ہوا۔ آئندہ ہم کوشش کریں کہ ایسا کبھی نہ ہو۔ میں سمجھتا ہوں کہ پٹھان اور مہاجر پاکستانی قوم ہیں ایک قوم ہیں میں اس بات کو مانتا ہوں جو کچھ آنریبل ممبران نے کہی ہے کہ چالیس سال کے بعد جو لوگ ہندوستان سے یہاں آئے تھے۔ وہ مہاجر نہیں ہیں۔ میں اپنے آپ کو مہاجر نہیں سمجھتا میں اپنے آپ کو سندھی سمجھتا ہوں جو چالیس سال کی عمر کے لوگ ہیں جو پاکستان میں پیدا ہوئے وہ کس طرح مہاجر بن سکتے ہیں وہ ہرگز مہاجر نہیں بن سکتے۔ میں اس بات سے بھی متفق ہوں جیسا کہ قاضی عبداللطیف صاحب نے فرمایا کہ مہاجر وہ ہے جو ابھی افغانستان سے آ رہا ہے اور یہاں ابھی سیٹل بھی نہیں ہوا! ان کو مہاجر کہہ سکتے ہیں جو ہندوستان سے مہاجر بن کر آئے تھے یا جو ان کے ورثاء ہیں ان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ مہاجر بننا کتنا مشکل ہے اس لئے ان کو چاہیئے کہ وہ ان پٹھانوں سے زیادہ ہمدردی کریں جو ابھی ابھی مہاجر ہوئے ہیں اور سیٹل نہیں ہوئے اسی طرح ہم ایک دوسرے سے دوستی کر سکتے ہیں اور یہ دوستی یقیناً ہماری ضرورت ہے۔

ایک اور بات میں، میں قاضی صاحب سے اتفاق کرتا ہوں کہ پاکستان کے دشمن برملا اعلانیہ یہ کہتے ہیں کہ محمد علی جناح کا پاکستان ختم ہوا۔ میں کہتا ہوں کہ قائداعظم کا پاکستان ہے رہے گا اور انشاءاللہ تا ابد رہے گا ہم اس کی کوشش کریں گے لیکن یہ کیا بات ہوتی ہے اتنا کافی نہیں ہے کہ ان کو ادھر جانے سے روک دیا جائے پاکستان کو

[Mr. Hasan A. Shaikh]

انہوں نے آج دن تک قبول نہیں کیا۔ ہندوستان کے بارے میں ہمارا الزام ہے کہ اس نے آج تک پاکستان کو تسلیم نہیں کیا وہ الزام ڈپلومیٹکل چینل میں صحیح نہیں ہے لیکن ان لوگوں کو جو پاکستان کی اس وقت بھی مخالفت کرتے تھے آج بھی مخالفت کرتے ہیں۔ ڈپلومیٹیک چینلز سے بھی انہوں نے پاکستان کو تسلیم نہیں کیا انہیں پاکستان کا دشمن تصور کئے جانا چاہئیے۔ ان کے خلاف باقاعدہ اقدام کرنا پاکستان کی بقا کے لئے صحیح ہوگا اور وہ اقدام ہم کریں گے۔ پٹھانوں اور مہاجروں میں یا دوسری اقوام میں دوستی ہو جائے اس کے لئے کوئی قدم اٹھانا چاہیئے اور پاکستان کے دشمنوں کی زبان بند کر دینی چاہیئے پاکستان کے دشمنوں کو پاکستان کے ساتھ دشمنی کا اظہار کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیئے۔ یہ ہمارے لئے صحیح قدم ہوگا میں سمجھتا ہوں کہ وزارت داخلہ فوری طور پر یہ قدم اٹھائے۔ اتفاق سے وزیر داخلہ خود پشتون ہیں اس لئے وہ صحیح طریقے سے قدم اٹھائیں کہ مہاجروں اور پشتونوں میں بہتر فضا پیدا ہو جائے پشتون پنجابی میں پشتون بلوچ ہیں اور تمام اقوام میں ایسے حالات پیدا کریں جن کی وجہ سے وہ آپس میں شیر و شکر ہو کر بھائی بن کر اس پاکستان کی ترقی کے لئے کوشش کریں۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

قاضی عبداللطیف: جناب شیخ صاحب نے فرمایا ہے کہ وہاں سہراب گوٹھ میں جو کچھ کیا گیا ہے وہ سارے کا سارا جائز تھا۔ انہوں نے اس میں نہیں کہا کہ جو مجرم تھے ان کے تو کچھ ہونا چاہیئے تھا۔ لیکن اس میں جو بے گناہ تھے . . . یہ پچیس ہزار کی آبادی کیا ساری مجرم تھی۔ پھر آپ کہتے ہیں کہ سندھ کا وزیر اعلیٰ معصوم ہے میں کہتا ہوں کہ یہ ان کا ایجنٹ ہے اور ان کے اشارے سے یہ کام کر رہا ہے اور ملک کو توڑ رہا ہے اگر اس قسم کی تقریریں ہوئیں۔ تو ہم ایوان میں نہیں بیٹھیں گے۔

جناب چیئرمین: میری درخواست ہے کہ آپ تشریف رکھیں آپ نے اپنا نقطہ نظر پیش کیا ہر ایک کو اختیار ہے کہ وہ اپنا مافی الضمیر کھلے طور پر بیان کرے خواہ کسی کو پسند ہو یا ناپسند ہو۔ جناب میر غلام حیدر تالپور۔

[Mir Ghulam Haider Talpur]

میر غلام حیدر تالپور: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ مسٹر چیئرمین سر! میں آپ کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھے اس موضوع پر گفتگو کرنے کی دعوت دی ۔ ساتھ ساتھ میں جناب وزیر داخلہ کا بھی شکر گزار ہوں انہوں نے یہ موشن کراچی کے واقعات پر بحث کرنے کے لئے ہمیں دی تاکہ ہم اس اہم ترین موضوع پر گفتگو کر کے کچھ نہ کچھ اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں ۔ جناب والا! میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ کراچی کے ان واقعات پر تفصیل سے گفتگو اس ایوان میں ہو چکی ہے اور اس موضوع پر یہ بار بار کہنا کہ اتنے قتل ہوئے اتنی جانیں ضائع ہوئیں اتنے لوگ آگ میں دھکیلے گئے میں سمجھتا ہوں کہ یہ بار بار سب کو تکلیف دینے کے مترادف ہوگا اور ذاتی طور پر مجھے بھی یہ تکلیف ہو رہی ہے کیونکہ پوری قوم اس واقعہ پر ماتم کر رہی ہے حقیقت میں بقول میر تقی میر کے

لائیں کہاں سے خون دل اتنا کہ میر ہم
جس وقت بات کرنے لگیں چشم تر کریں

جناب والا! میں عرض کر رہا تھا کہ حقیقت یہ ہے کہ وہ اقدامات کیئے جائیں کہ دوبارہ ایسے واقعات رونما نہ ہونے پائیں، اس وقت ہم جو عوامی نمائندے ہیں اور جو حکومت ہے ہمارے لئے ضروری بات یہ ہے اس پر سوچ بچار کریں اور حکومت کو اپنے وسائل اپنے نمائندوں کے توسط سے استعمال کرنے چاہیئں اور یہ بات سوچنی چاہیئے کہ آئندہ ایسے خونی ڈراموں کا repetition جو ہے وہ کس طرح سے بند ہونا چاہیئے ۔ نمبر دو کہ جن لوگوں کے گھروں میں خون ہوئے ہیں ۔ ان کے متعلق حکومت سوچ رہی ہے کہ ان کا ازالہ محض پیسوں سے کیا جائے، ۵۰ ہزار روپے دیئے جائیں یا ایک لاکھ روپیہ دیا جائے جناب والا! میں کہتا ہوں کہ پیسوں سے یہ ازالہ ممکن نہیں، جناب یہ جو ازالہ ہے اس کے لئے سیاسی طور پر ہینڈلنگ کی ضرورت ہے اور جناب والا! جب تک اس معاملے کو سیاسی طریقے سے حل نہیں کیا جائے گا دوسرا اس کا کوئی حل میری سمجھ میں نہیں آتا ۔ جناب والا! میں اس سلسلے میں سپریم کورٹ کے جج کی سربراہی میں ٹریبونل کے قیام کی تجویز آپ کی خدمت میں انکسارانہ پیش کرتا ہوں ۔ اور اس ٹریبونل سے عرض کیا جائے کہ وہ ایک وقت معینہ کے اندر اندر

[Mir Ghulam Haider Talpur]

اس معاملے کی تحقیقاتی رپورٹ پیش کرے کیونکہ جن لوگوں کے لخت جگر شہید ہوئے ہیں جنہوں نے اپنے بچوں کو تڑپتے ہوئے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے وہ ایک دم اپنے ردعمل کے لئے پریشان ہیں اور وہ اپنا ردعمل دکھائیں گے اور اس ٹریبونل کے لئے ایک وقت مقرر کیا جائے اور اس مقررہ وقت کے اندر اندر یہ فیصلہ ہو تاکہ اس میں جو بھی مجرم ملوث پائے جائیں بلالحاظ ان کے سرکاری عہدے کے یا ان کی جو اپنی سیاسی حیثیت ہے یا سماجی حیثیت ہے ، ان کو برسرعام پھانسی دی جائے ۔ میں اس ایوان کے توسط سے ان کے لئے پھانسی کا مطالبہ کرتا ہوں ۔ دوسری گزارش جناب والا ! آپ کی خدمت میں یہ ہے ۔ جو میں پہلے بھی عرض کر چکا ہوں کہ اس مسئلے کا سیاسی حل تلاش کیا جائے اور وہی اسلامی حل بھی ہو گا ۔

اب جناب والا ! امن وامان کی صورت حال پر دو چار باتیں میں آپ کی خدمت میں سندھ سے متعلق عرض کروں گا یہ کراچی والا تو ایک ایسا واقعہ ہوا ہے کہ جس کا پوری دنیا نے نوٹس لیا ہے، لیکن جناب والا ! سندھ میں جو کچھ ہمارے ساتھ ہو رہا ہے شاید اس کا نوٹس یہاں اسلام آباد کے لوگ بھی نہیں لے رہے ہیں یہاں تک کہ میں بڑے ادب سے کہوں گا ہمارے وزیر داخلہ صاحب بھی اس کا نوٹس نہیں لے رہے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ اس سے پہلے بھی دو اجلاسوں میں جناب والا اسی امن وامان کی صورت حال پر سیر حاصل تقریریں ہو چکی ہیں اور جناب والا ! اس خادم نے بہ نفس نفیس پولیس کی کارروائیوں پر اور پولیس کے رویے پر یہاں تفصیلی بحث کی تھی اور ابھی تک جواب یہ ملتا ہے کہ یہاں جو بحث ہو رہی ہے یہاں جو دلائل دیئے جا رہے ہیں ان کو ہم sum up کر رہے ہیں اور میرا یہ خیال ہے کہ جب تک یہ sum up ہو گا تب تک پورے سندھ کا صفایا ہو جائے گا ۔ آپ کی خدمت میں میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ۱۶ نومبر ۱۹۸۶ء کو جناب والا حیدرآباد شہر میں ایم پی اے میاں ولی محمد کا بیٹا اغوا کیا گیا اور ۵ لاکھ روپے ransom کے بعد وہ لوٹا اور الٹی میٹم دیا گیا کہ اگر آپ نے نام ظاہر کئے تو ہم تمہارے بیٹے کو جان سے مار دیں گے اور جناب والا ! اس بات کا میں چشم دید گواہ ہوں دوسرا جو میری آنکھوں کے سامنے کا واقعہ ہے وہ مسٹر سلیم اخوند کا ہے جو کہ سندھ بلوچستان صوبائی کوآپریٹو بینک کراچی کے جنرل مینیجر ہیں وہ جمعہ کے روز حیدرآباد آئے اور اپنی زمین پر جا رہے تھے اور

ان کے ساتھ ایک دو کاسدار یعنی ایک دو نوکر بھی تھے چار آدمی یہاں سے چار آدمی وہاں سے دو ادھر سے تین ادھر سے آئے اور ان کو گھیر لیا اور غریب کو اغوا کر کے لے گئے ایک ہفتہ جناب اس کو زبردستی بٹھایا اور پھر دو لاکھ روپے لے کر کے چھوڑا یہ جناب میں حیدرآباد تعلقہ کا ذکر کر رہا ہوں دو لاکھ روپے لینے کے بعد اس کو لوٹایا گیا اور اس میں میں نے ملٹری ہیڈ کوارٹر حیدرآباد میں خود تحریری درخواست داخل کی ہے اور ٹیلی فون پر میں نے کم از کم پندرہ دفعہ درخواست کی ہے کہ یہ بہت بڑا سانحہ ہوا ہے اس کے لئے کچھ کیا جائے اور یہ غیر اہم قسم کے جو بیوپاری ہیں ۲۵ لاکھ، ۳۰ لاکھ اور چالیس لاکھ جن کی حیثیت ہے یہ تو جناب والا! صبح اور شام کا معمول ہے کہ وہاں وہ اغوا کئے جاتے ہیں جن کا نوٹس وہاں کے ایریا کا ایس۔ایچ۔او بھی نہیں لیتا۔

اب جناب والا! سندھ میں بینک ڈکیتی کے سلسلے میں، میں اپنی ذاتی مثال پیش کروں گا اور یہ میری مثال ایفیڈیوٹ پر نوٹ کی جائے تین دسمبر ۱۹۸۶ء کو میں اور میرے والد بزرگوار جو کہ سابق ممبر آف مجلس شوریٰ رہ چکے ہیں حیدرآباد شہر سے کراچی آئے اور سیدھے ہم ڈیلر کے پاس گئے۔ ڈیلر کو میں نے تین لاکھ ۸۶ ہزار کا ڈرافٹ دیا اس نے کہا کہ یہ پیسے مجھے آپ کیش میں لاکر دیں، ڈرافٹ حبیب بینک طارق روڈ برانچ کراچی کا تھا میں منیجر طارق روڈ برانچ کے پاس گیا تو انہوں نے مجھے کہا کہ سائیں ہم اتنے پیسے تو اپنے پاس رکھتے نہیں ہیں کیونکہ حالات ٹھیک نہیں ہیں. آپ کل آکر پیسے لے جائیں ورنہ ابھی تو آپ کو تین چار گھنٹے انتظار کرنا پڑے گا، مجھے اپنے ہیڈ آفس سے پیسے منگوانے پڑیں گے میں نے کہا سائیں آپ منگوالیں ہم کل تک انتظار نہیں کر سکتے۔ جناب انہوں نے ۴ گھنٹے کے بعد پیسے منگوائے ہم پھر ڈیلر کے پاس گئے کہ جناب آپ اپنا آدمی بھیج کر وہ پیسے منگوالیں۔ وہ بولے کہ نہیں حالات صحیح نہیں یاں میں اپنا آدمی بھیج کر پیسے نہیں منگوا سکتا اور بخدا جب میں منیجر کے پاس گیا تو منیجر مجھے کہتا ہے کہ کیوں کہ آپ تین چار دفعہ آچکے ہیں اس لئے آپ کا یہاں سے پیسے لے کر جانا مجھے ٹھیک نہیں لگتا۔ جناب یہ ہمارے سندھ میں بینکوں کے حالات ہیں۔ اور

[Mir Ghulam Haider Talpur]

جناب یہاں ہم درخواست کرتے ہیں تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ آپ کی باتیں ہم sum up
کر رہے ہیں - جناب وہاں، ہمارا حیدر آباد کا مارکیٹ تھانہ اور حیدر آباد کا سٹی تھانہ دونوں
ایک تین لاکھ میں اور ایک ۵ لاکھ میں نیلام ہوتے ہیں۔ جیسے جناب بڑے بڑے میلے نیلام
ہوتے ہیں اس طرح سے حیدر آباد کا مارکیٹ تھانہ اور حیدر آباد کا سٹی تھانہ نیلام
ہوتے ہیں - اور اس سلسلے میں ہمارے جو سابق آئی جی رہ چکے ہیں مسٹر بشیر صدیقی
جنہیں آپ نے بلا کر خواہ مخواہ ڈائریکٹر جنرل رجسٹریشن کے عہدے پر لگا دیا
ہے اور رجسٹریشن اس کا کام ہی نہیں ہے - یہاں تو کسی کلرک کو جو ماہر
statistics ہو اس کو بٹھائیں یہ قابل آدمی ہے اور بولڈ آدمی ہے اور پوری زندگی اس کی
پولیس میں گذری ہے - میں جناب وزیر داخلہ کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کروں گا کہ سندھ
کے لئے بشیر صدیقی صاحب جو پہلے بھی تین چار مہینے سندھ میں آئی جی رہ چکے
ہیں وہ بطور آئی جی سندھ ہمیں واپس عنایت فرمائیں - مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے
کہ سکھر جیل کا معمہ ویسے کا ویسا ہے اور جوں کا توں جا رہا ہے اور اس سلسلے میں
نہ مرکزی حکومت کچھ کر سکی اور نہ سندھ حکومت نے کچھ کیا اور وہ معاملہ وہیں کا وہیں
ہے یہ کتنی افسوسناک بات ہے کہ اتنا زبردست لاء اینڈ آرڈر سے تعلق رکھتا ہوا
واقعہ ہو اور اس کے لئے کچھ نہ ہو سکتا ہو اور ہم خاموش تماشائی بیٹھ کر یہ دیکھ رہے
ہیں بوگس شناختی کارڈ کے لئے جو کچھ ہو رہا ہے ہم اس کے لئے مطمئن نہیں ہیں۔

آخر میں جناب والا ! کراچی سٹی جو کہ تین ڈسٹرکٹ پر مشتمل ہے اس کے لئے
میری ذاتی رکمنڈیشن الگ منسٹری کے لئے آپ کے توسط سے اس ایوان میں پیش کرتا ہوں
کراچی کے لئے ایک الگ منسٹری قائم کی جائے ۔

Ministry for Karachi, only to lookafter the affairs of everything pertaining to Karachi city.

ابھی ارباب اختیار کے لئے بھی مجھے کچھ عرض کرنا تھا - لیکن اب جناب نے ٹائم کی پابندی
کے لئے حکم صادر فرما دیا ہے، بہتر ہے کہ بیٹھے رہیں -

کھولیں گے لبوں کو تو گناہگار بنیں گے ۔

Thank you very much

جناب چیئرمین، بہت بہت شکریہ، جناب سید فصیح اقبال صاحب، حاضر نہیں ہیں، مولانا سمیع الحق صاحب بھی نہیں ہیں، جناب شیخ علی محمد صاحب بھی نہیں ہیں۔ جناب میر حمزو خان بلیجو صاحب۔

جناب حمزو خان بلیجو: بسم اللہ الرحمٰن، جناب چیئرمین و معزز اراکین کراچی کے المیہ کے اوپر جتنا بھی افسوس اور ماتم کیا جائے کم ہے، جب تک ہم افسوس اور ماتم کے لیول سے اوپر اٹھ کر حالات کا تجزیہ نہیں کریں گے تب تک یہ تقریریں ہوتی رہیں گی اور یہ باتیں ہوتی رہیں گی، جناب چیئرمین! کراچی کا المیہ نومبر ۸۶ء میں بشریٰ زیدی کے قتل کے بعد شروع نہیں ہوا کراچی کے المیہ کی ابتدا تب ہوئی جب کراچی کو سندھ سے کاٹا گیا نہ صرف کراچی کو سندھ سے کاٹا گیا، بلکہ کراچی کی نفسیاتی ساخت کو انٹی سندھ یا انٹی لوکل بنایا گیا جناب والا! کراچی کے المیہ کا ایک اور پہلو یہ بھی ہے کہ سندھ ہر توسیع پسند کی جولانگاہ ہے جو بھی راتوں رات امیر بننا چاہتا ہے وہ سندھ کے اندر آکر زمین لیتا ہے، سندھ کے اندر آکر باہر کے لوگ پرمٹ لیتے ہیں۔ سندھ کے اندر آکر صنعتی سرمایہ کاری کے ذریعے استحصال کرتے ہیں، سندھ کے لوگ بھی خوشحالی کی اتنی ہی تمنا رکھتے ہیں، جتنی لاہور کے لوگ، ڈیرہ غازی خان یا پشاور کے لوگ رکھتے ہیں۔ جناب والا! میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ دوسرے صوبوں میں سندھی ملازم لوگوں کی تعداد ایک درجن سے زیادہ نہیں ہو گی اور وہ بھی وفاقی اداروں میں، اور یہ بات میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ کسی بھی دوسرے صوبے کے صوبائی ادارے میں ایک بھی سندھی نہیں ہے، لیکن سندھ کا چیف سیکرٹری پنجاب سے ہے سندھ کا ہوم سیکرٹری پنجاب سے ہے سندھ کے ڈی آئی جی سرحد بلوچستان اور شمالی علاقوں سے ہیں سندھ کے ڈپٹی کمشنرز میجارٹی میں پنجاب سے ہیں جب کسی ہیڈ کانسٹیبل کی بھی ڈیتھ ہو جاتی ہے تو اسے پنجاب لایا جاتا ہے، جناب والا! پاکستان کے تمام صوبے جمہوریت سے فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ لیکن سندھ اب بھی لگتا ہے کہ محمود غزنوی اور احمد شاہ ابدالی کا مفتوحہ علاقہ ہے، جہاں ابھی بھی صوبیدار اور تحصیلدار دوسرے صوبوں سے آتے ہیں، سندھ میں غیر سندھی نظر آتے ہیں یہ آئین کی آرٹیکل ۲۷ کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے، اس آئینی ذمہ داری کو توڑنے والا محب وطن ہے اور جو اس آئینی ذمہ داری کی طرف توجہ دلاتے ہیں وہ غدار ہیں اس سے زیادہ المیہ کیا ہو گا کہ "ڈان" اخبار میں

[Mr. Hamzo Khan Palijo]

خبر چھپتی ہے کہ پنجابی میڈیکل کونسل نے مطالبہ کیا ہے کہ سندھ میڈیکل کالج میں سندھیوں کو داخلہ نہ دیا جائے اور پختون جرگے کے مطالبے چھپتے ہیں کہ سندھ میں پختونوں کو آبادی کے تناسب سے ملازمت دی جائے جناب والا! جب تک آئین کی دفعہ، ۳۰ پر مکمل عملدرآمد نہیں کیا جاتا، جب تک سندھ کے تمام پیداواری وسائل اور ملازمتوں میں مقامی باشندوں کا حق مختص نہیں کیا جاتا جب تک انٹی لوکل نفسیات کا سدباب نہیں کیا جاتا جب تک لوگوں کے ساتھ محمود غزنوی اور احمد شاہ ابدالی والا رویہ ختم نہیں کیا جاتا تب تک کراچی میں ہی نہیں سندھ میں بھی واقعات کا بار بار ہونا ضروری ہے۔ اسلئے میری کچھ تجاویز ہیں وہ یہ ہیں، سندھ کا چیف سیکرٹری مقامی سندھی کو بنایا جائے، سندھ کا آئی جی ڈی آئی جی اور کمشنر سندھی ہو، کراچی کو مغربی پاکستان کا حصہ بناتے وقت نافذ کردہ کراچی اینڈ ویسٹ پاکستان پولیس ایکٹ کے تحت بھرتی شدہ پولیس والوں کو اپنے علاقوں میں واپس بھیجا جائے۔ کراچی میں باہر سے آنے والوں کی روک تھام کی جائے، سندھ میں ون یونٹ کے دور میں اور مارشل لاء کے دور میں دی ہوئی زمینوں کی الاٹمنٹ رد کی جائے ہر علاقے میں زیادہ سے زیادہ صنعت کاری کی جائے تاکہ لوگوں کو گھر کے قریب روزگار مل سکے۔ ایم ایف آر او اسلام آباد، منگلا اور تربیلا کے متاثرین کو سندھ میں زمینیں دینی بند کی جائیں، کوٹہ پر مکمل طور پر عملدرآمد کیا جائے، چھوٹے ڈومیسائل کا اجرا بند کیا جائے ان واقعات کی تحقیقات سپریم کورٹ کے جج حضرات سے کرائی جائے اور ذمہ دار افراد کو قرار واقعی سزا دی جائے شناختی کارڈ نئے سرے سے بنائے جائیں، مہربانی۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ، جناب شیخ اعجاز احمد صاحب۔

شیخ اعجاز احمد: بسم اللہ الرحمن الرحیم جناب چیئرمین و معزز سامعین! سب سے پہلے تو میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے اس اہم موضوع پر اظہار خیال کا موقع دیا اور اس کے ساتھ اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتا ہوں کراچی کے اس المناک واقعہ پر جو ہمارے کراچی کے بھائیوں کے ساتھ پیش آیا۔ وہ انسانیت سوز مناظر جو دیکھنے میں آئے ہماری پوری قوم ان واقعات کی وجہ سے پوری دنیا کے آگے آج شرمندہ ہے یہ قتل و خون جو سندھ کی سرزمین پر ہوا جو اس سرزمین پر ہوا جہاں سے صوفیائے کرام نے پوری دنیا کو امن کا پیغام دیا یہ امر اور بھی باعث شرم بن جاتا ہے

کہ جناب حضرت سچل سرمست اور جناب عبداللطیف بھٹائی کی سرزمین پر یہ انسانیت سوز واقعات پیش آئے۔ بہرحال یہ جذباتی باتیں ہیں ہمیں اس بات کی analysis کرنی چاہیئے کہ یہ واقعات کیوں پیش آئے اور آئندہ ان واقعات کو کیسے روکا جائے۔

میرے معزز ساتھیوں نے جو کہ مختلف سبجیکٹس پر عبور رکھتے ہیں اپنی اپنی فیکلٹیز کے حساب سے انہوں نے اظہار رائے کیا چند دوست جو experts on foreign relations ہیں وہ اس معاملے کو افغانستان، روس اور انڈیا کے انفلٹریٹرز کی طرف لے گئے کہ روس اور انڈیا کے انفلٹریٹرز نے پہلے دن کے واقعہ کے بعد وہاں یہ تشدد پھیلانے کی کوشش کی۔

چند دوست جو سیاسیات کے ماہر ہیں انہوں نے اس واقعہ کو اپوزیشن پارٹیوں سے relate کیا کہ انہوں نے اس کو exploit کرنے کی کوشش کی انسانی سوچ ہے جو جس چیز میں ماہر ہوتا ہے وہ اسی کو اس اینگل سے پروجیکٹ کرتا ہے۔ میرے ذاتی خیال میں پہلے دن جو کراچی میں واقعہ پیش آیا وہ چند منشیات فروشوں کی وجہ سے تھا۔ جب ان کے منشیات کے اڈے پر چھاپہ پڑا اور ان کو پتہ چلا کہ اب ان کی کروڑوں روپے کی آمدنی ختم ہونے والی ہے تو ایڈمنسٹریشن کی نگاہیں دوسری طرف لے جانے کے لئے انہوں نے ایک ایسی جگہ پر جا کر حملہ کیا جو کہ already کراچی کا inflated problem تھا ان لوگوں نے وہاں سے کلاشنکوفز لے کر ایسی جگہ پر حملہ کیا جہاں پر انہوں نے سمجھا کہ یہاں سے کراچی میں آگ بھڑک سکتی ہے کیونکہ پچھلے بس کے حادثے کے بعد مہاجر اور پٹھانوں میں تھوڑی سی چپقلش اور اَن بن تو موجود تھی تو ان منشیات فروشوں نے اس چپقلش اور اَن بن کا فائدہ اٹھانے کے لئے مہاجر بستی پر اٹیک کیا اور ان کا قتل و خون کیا یہ کہنا کہ وہ فارن ورکرز تھے یا پولیٹیکل ورکرز تھے میرے خیال میں سراسر غلط ہے یہ میرا اپنا نظریہ اور تھیوری ہے وہ لوگ جو سالہا سال سے اس مقام پر کاروبار کر رہے تھے یہ صرف وہی لوگ تھے کوئی سیاسی انفلٹریٹرز نہیں تھے کوئی فارن ایجنٹ نہیں تھے یہ منشیات فروش تھے۔ کہتے ہیں کہ ان کا تعلق فرنٹیئر سے تھا۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ہم پٹھان قوم پر اٹیک کر رہے ہیں ہر قوم میں گندی مچھلیاں ہوتی ہیں یہ وہ گندی مچھلیاں تھیں یہ وہ ملت فروش تھے جو منشیات فروش کا کام کرکے سندھ کے پورے صوبے میں کینسر پھیلا رہے تھے۔

[Shaikh Ejaz Ahmed]

میں اس بات کو ببانگ بلند ڈیفنڈ کرونگا کہ سہراب گوٹھ پر جو اٹیک کیا گیا ہے وہ بالکل صحیح کیا گیا ہے - اگر یہ آدمی یہاں اٹیک نہ کرتا تو شاید کوئی آدمی بھی حق کی آواز بلند نہیں کر سکتا تھا - میں اس ایوان کو بتانا چاہتا ہوں کہ سہراب گوٹھ میں کیا ہوتا تھا کہ کراچی میں اگر کسی شخص کو بھی نشے کی ضرورت ہوتی تھی تو وہ رکشے میں بیٹھکر سہراب گوٹھ پہنچتا تھا سہراب گوٹھ میں ایک نہیں سینکڑوں چھوٹے چھوٹے قہوہ خانے بنے ہوئے تھے - ان میں جا کر وہ سگریٹ یا جیسے وہ نشہ کرتے ہیں - ان کو پرووائڈ کرتے تھے اور وہ نشہ کر کے واپس آجاتے تھے اور یہ کینسر پورے کراچی میں پھیل گیا تھا - یہ صرف کراچی کی تکلیف نہیں تھی بلکہ یہ پوری انسانیت کے خلاف ایک مہم تھی میں اس لئے بات نہیں کر رہا کہ میرا تعلق بھی مسلم لیگ سے ہے بلکہ میں ایک پاکستانی اور اچھا انسان ہونے کی حیثیت سے کہتا ہوں کہ یہ بہت اچھا ہوا کہ ہمارے وزیر اعلیٰ نے سہراب گوٹھ کے اوپر کلین اپ آپریشن شروع کیا لیکن اس کا انجام کیا نکلا جناب چیف منسٹر اور ایڈمنسٹریشن کو شاید یہ احساس نہیں تھا کہ جو شائنہ الینیرے ۴۲ سٹریٹ نیویارک تک ان منشیات کو باآسانی پہنچا سکتے ہیں ان کے کتنے لمبے ہاتھ ہیں یہ کیا تباہی کراچی میں مچا سکتے ہیں یہاں پر آکر کراچی کی انتظامیہ مکمل فیل ہو گئی ہے - سیاست سے بالاتر ہو کر میں بھی اس معزز ایوان میں یہ بات ایڈمٹ کروں گا کہ کراچی کی انتظامیہ اس معاملے میں مکمل فیل ہو گئی ہے اور وہاں پر اس طریقے سے قتل و خون ہوا جو زبان بیان نہیں کر سکتی' - اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ آج سے ایک سال پہلے بس کا حادثہ ہوتا ہے اور پٹھان مہاجر کا جھگڑا ہو جاتا ہے - تو اس وقت ہم نے یہ کہا کہ یہ ایکشن کا ری ایکشن ہے - پٹھان کی بس جلائی گئی اور اس نے دکانیں جلا دیں - اب یہ حادثہ ہو گیا ہے سہراب گوٹھ پہ حملہ ہوا تو پٹھان مہاجر کا جھگڑا ہو گیا کراچی یا سندھ صوبے کا اس طریقے سے volatile ہونا... میں یہ establish کر رہا ہوں کہ صوبہ سندھ میں اس وقت volatile situation ہے -

میری نظر میں یہ ایک معاشی مسئلہ ہے یہ کوئی سیاسی مسئلہ نہیں ہے دوسرے عوامل اس میں contribute ضرور کرتے ہیں آپ سیاسی

پارٹیوں کو بھی تھوڑا بہت contribute کرنے کا کہہ سکتے ہیں آپ کہہ سکتے ہیں کہ افغان مہاجر آئے اگرچہ وہ منشیات میں ملوث نہیں تھے۔ لیکن اسلحہ فروشی میں انہوں نے بھی حصہ لیا ہے۔ کراچی میں تو یہاں تک مشہور ہے اگر نوجوان لڑکوں نے ڈاکہ مارنا ہو تو وہ کلاشنکوف کرائے پر لے آتے ہیں، ہم لوگوں کو تو نہیں معلوم کہ کلاشنکوف کہاں سے آتی ہے جب سے افغان مہاجرین

آئے ہیں تب سے کلاشنکوفیں کرائے پر ملنی شروع ہو گئی ہیں میں نہیں کہتا کہ ہم لوگوں کو ان کے ساتھ ہمدردی کا سلوک نہیں کرنا چاہیئے وہ ہر ہمدردی کے حقدار ہیں لیکن یہ ضرور چیک کرنا چاہیئے کہ اس قسم کے اینٹی سوشل کام نہ ہو سکیں میں نے اس بات کو ایسٹیبلش کیا، یہ پوائنٹ آؤٹ کیا کہ میرے نقطہ نگاہ سے یہ سارا مسئلہ جو سندھ میں پیدا ہو چکا ہے یہ ایک معاشی مسئلہ ہے میں کہتا ہوں کہ یہ غلط معاشی منصوبہ بندی کی وجہ سے ہے کہ آج چالیس برس بعد یہ لاوا پک گیا ہے اس لاوا کے پکنے کی وجہ سے اتنی چھوٹی چھوٹی باتوں پر اتنے بڑے جھگڑے کھڑے ہو جاتے ہیں غلط معاشی منصوبہ بندی سے کیا مراد ہے۔

اس وقت کراچی میں پندرہ لاکھ پٹھان رہتے ہیں کہتے ہیں تقریباً دس سے پندرہ لاکھ پنجابی رہتے ہیں، تقریباً پندرہ سے بیس لاکھ مہاجر بھی ہیں وہاں پر، باقی مقامی آبادی ہے جو سندھی ہیں، میمن ہیں اور بہت سی قومیں ہیں۔ سوال یہ ہے کہ جب دوسرے صوبوں میں مرکزی حکومت اس قابل ہے کہ وہ کوئی نہ کوئی جاب مہیا کر سکتی ہے تو کراچی میں اس طرح سے concentration کیوں کی گئی ہے میری نظر میں یہی ایک غلط منصوبہ بندی ہے اگر ہر صوبے میں برابر انڈسٹریل ترقی کے لئے concentration کی جائے تو کوئی وجہ نہیں ہے کہ یہ آبادی جو آج کراچی میں جمع ہو گئی ہے یہ اپنے اپنے صوبوں میں رہے یا نزدیکی صوبے میں آ جائے یہ نقل مکانی جو سندھ کی طرف ہے اور آج سندھ کے بھائی یہ چلا چلا کر کہہ رہے ہیں۔ کہ یہ پنجابی سندھ میں آ گیا یہ پٹھان سندھ میں آ گیا ہے، میری رائے میں کسی حد تک وہ صحیح کہہ رہے ہیں پنجابی کو پنجاب میں کام دیں پٹھان کو فرنٹیئر میں کام دیں۔ پوری دنیا میں فار فلنگ ایریاز میں اگر انڈسٹری لگائی جاتی ہے تو وہاں پر مراعات دی جاتی ہیں۔ آپ بھی اس قسم کی مراعات دیں کہ جو آدمی فرنٹیئر میں انڈسٹری لگائے اس کو اتنا انٹرسٹ فری لون ملے گا یہی طریقہ ہے جس سے آپ فرنٹیئر کے دور دراز علاقوں میں انڈسٹریلائزیشن کر سکتے ہیں۔ آپ دیکھیں پورا پنجاب پڑا ہوا ہے۔ پنجاب میں صرف دو علاقے ہیں ایک ڈیرہ غازی خان ہے اور ایک خوشاب ہے

[Shaikh Ejaz Ahmed]

ان دو علاقوں میں آپ مراعات کے ساتھ انڈسٹری لگا سکتے ہیں۔ کراچی سے نکلیں، جب
جو کہ کراچی سے دس میل دور ہے - نوریا آباد کراچی سے پندرہ میل دور ہے - کورنگی
انڈسٹریل ایریا، گارڈن انڈسٹریل ایریا، چاروں طرف کراچی کے ایسے ایریاز بنا دیئے گئے
ہیں جہاں آپ مفت انڈسٹری لگا سکتے ہیں بغیر امپورٹ ڈیوٹی کی ادائیگی کے۔ پانچ
سال تک وہاں کوئی انکم ٹیکس ادا نہیں کرنا پڑتا لیکن اگر آپ وہی انڈسٹری منصیں آباد میں
لگائیں تو آپ نہیں لگا سکتے - اگر آپ وہی انڈسٹری نواب شاہ میں لگانا چاہیں تو آپ
نواب شاہ میں بھی نہیں لگا سکتے - آپ کو کراچی میں ہی لگانی پڑے گی۔ بھئی نواب شاہ والوں
نے کیا قصور کیا ہے کہ نواب شاہ میں ٹیکسٹائل مل لگاؤ تو چار کروڑ ڈیوٹی دو اور کراچی کے
نزدیک دس میل پر لگاؤ تو ایک آنہ بھی ڈیوٹی نہ دو۔ اسی طرح سے فرنٹیئر والوں نے اگر کوئی
مل لگانی ہے تو وہ با امر مجبوری کراچی جاتے ہیں۔ کراچی میں سب سے بڑا مقناطیس ہے، کراچی پورٹ۔
کراچی پورٹ خود بخود انسان کو کھینچتی ہے کہ آؤ یہاں کاروبار کرو۔

میری ناچیز رائے میں کراچی کو unduly over burden کیا گیا ہے کراچی
کی آبادی تقسیم کے وقت تین لاکھ تھی ۵۱ - ۱۹۵۰ء میں گیارہ لاکھ ہو گئی آج ۷۰ لاکھ ہے
کراچی میں آبادی کا اضافہ دیکھیں کتنا ہو رہا ہے - پورے ملک میں آبادی میں اضافہ تین
فیصد ہے اور کراچی میں آبادی میں اضافہ آٹھ فیصد ہے کیا اس کو چیک کرنا پلاننگ والوں کا
کام نہیں ہے تو یہ مسئلہ کہ کراچی وولٹیائل سندھ وولٹیائل ہے اس کی وجوہات ہیں ہمارے کون
سے صوبے میں اس طرح سے آبادی بڑھی ہے - پنجاب والے بتائیں کہ کتنے سندھی وہاں
جا کر رہتے ہیں۔ فرنٹیئر والے بتائیں کہ کتنے سندھی وہاں جا کر رہتے ہیں۔

دراصل آج کی دنیا میں اکنامک ایکٹیویٹی" آٹومیٹیکلی انسان کو اپنی طرف کھینچتی ہے کراچی میں
چونکہ معاش دستیاب ہے اس لئے ہمارے لوگ کراچی چلے جاتے ہیں۔ میری نظر میں چند
نکات ہیں اگر اجازت ہو تو وہ میں پڑھ دوں -

جناب چیئرمین : میرے خیال میں اختصار سے کام لیں۔

شیخ اعجاز احمد : صرف ایک اور منٹ - میری نگاہ میں جیسے کہ میں نے عرض کیا معاشی

منصوبہ بندی میں بنیادی تبدیلیاں اور صنعتی انقلاب کی طرف فوری طور پر پیش رفت کی جائے حکومت پاکستان ایسے دوررس معاشی اقدامات کا اعلان کرے جن کے باعث ملک کے شمالی علاقہ جات اور دیگر صوبوں سے زیادہ سے زیادہ انڈسٹریلائیزیشن ہو۔ لوگوں کے لئے ان کے صوبے میں اور ان کے گھر کے ساتھ نوکری مہیا ہو سکے۔ جس سے مائگریشن کی حوصلہ شکنی ہو۔ انڈسٹری لگانے کی تمام سہولتیں جو صرف کراچی کے نزدیک جمع کی گئی ہیں۔ وہ ملک کے دوسرے علاقوں کو بھی دی جائیں جیسے چھکی نوریا آباد گارڈ اور کوٹری چار علاقوں میں ڈیوٹی فری اور انکم ٹیکس کی رعائتیں موجود ہیں صنعتی ترقی کے لئے تین چھوٹے پوائنٹس میں نے لکھے ہیں۔

(۱) چند بڑے شہروں کو چھوڑ کر تمام ملک کو ڈیوٹی فری ایریا قرار دیا جائے۔

(۲) پسماندہ علاقوں میں انڈسٹری لگانے والوں کو رعائتی شرح پر انڈسٹری لگانے کے لئے قرضہ جات دیئے جائیں۔ جیسا کہ موجودہ بجٹ میں ہے کہ اگر لوکل مشینری سے کوئی انڈسٹری لگائی جائے تو شرح سود ۱۶ فیصد کی بجائے صرف تین فیصد ہے اسی طریقے سے میری یہ تجویز ہے کہ پاپولیشن انفلیکس کو چیک کرنے کے لئے سماجی برائیاں دور کرنے کے لئے لوگوں کو اپنے گھر کے سامنے نوکری دینے کے لئے صرف تین فیصد یا دو فیصد یا غیر سودی قرضے دیئے جائیں تاکہ وہ فرنٹیئر کے علاقے میں پنجاب کے علاقے میں اور بلوچستان کے علاقے میں انڈسٹریاں لگا سکیں اور لوگوں کو جاب مہیا کر سکیں۔

(۳) صوبوں کو اختیار دیں کہ وہ اپنے صوبے میں rapid industrialization کے لئے جو ضروری اقدامات مناسب تصور کرے اختیار کریں۔ صوبوں کو یہ بھی اختیار ہو کہ وہ اپنے صوبے میں انڈسٹری کو سینکشن کر سکیں۔ اور بلا سود ضروری قرضہ مہیا کر سکیں۔ انڈسٹری کو پراونشل سبجیکٹ قرار دیا جائے اور انڈسٹری کے معاملات مرکزی سطح پر طے پانے کی بجائے صوبائی سطح پر طے پائیں اور زیادہ سے زیادہ اس معاملے پر پراونشل اٹانومی دی جائے تاکہ تمام صوبے اپنے باشندوں کے لئے زیادہ سے روزگار مہیا کر سکیں ہر صوبہ اپنے علاقے میں زیادہ سے زیادہ اکنامک ایکٹیویٹی کو جنریٹ کر سکے اس طرح اپنے صوبے کے دیگر مسائل کو اپنے ہی وسائل سے حل کر سکے۔

(۴) اور آخری پوائنٹ میرا یہ ہے سر کہ حکومت پاکستان کو ایک ایڈوائزری بورڈ تشکیل دینا چاہئے۔ جو کہ مشتمل ہو بزنس مینوں پر اور صنعت کاروں پر۔ وہ بورڈ جناب وزیر اعظم صاحب

[Shaikh Ejaz Ahmed]

کو مسلسل میٹنگز کر کے ٹریڈ اور انڈسٹری کے معاملے میں مسلسل گائیڈنس مہیا کرے۔ اگر یہ انڈسٹریل پراگریس صرف بیوروکریسی پر چھوڑ دی گئی تو پھر وہی حال ہو گا جو پچھلے دس سال میں انڈسٹریل پراگریس کے ساتھ ہوا ہے میں یہاں یہ کہنے کی جرأت کروں گا کہ آپ یہاں بیٹھ کر مجھے یہ بتائیں کہ پچھلے دو سال میں کونسی صنعتی ترقی ہوئی ہے، کونسی صنعت لگی ہے کونسی نئی صنعت کی طرف توجہ بھی دی گئی ہے صنعتی انقلاب اور صنعتی ترقی ہی ہمارے ملک کا صحیح حل ہے۔

ان چند تجاویز کے ساتھ مجھے یقین ہے کہ اگر ان پر عمل کیا جائے گا تو in the long run ان مسائل کے اوپر قابو پا لیا جائے گا۔

<u>جناب چیئرمین</u> : بہت بہت شکریہ، جناب امان روم صاحب۔

**Mr. M. Aman-i-Room:** Thank you Mr. Chairman, for giving me an opportunity to speak on the issue of Karachi. I would also thank through you the honourable Minister of Interior for providing an opportunity to this House to speak on this issue. Already a lot has been said and almost every aspect of the Karachi situation has been discussed at length and I would be merely repeating whatever has already been said. I would, therefore, cut my speech short. However, I would like to record my deep sorrow on the happenings of Karachi for both the parties who have been affected in this incident. And I would also appeal to the leaders, local leaders of both the parties to be patient with each other and to try and reconcile the two factions which were involved in the recent incident. However, I would like to suggest a few things. No. 1. The Government should take immediate steps to appoint reconciliatory committees who should go there and alongwith the help of the local leaders try and help to bring about reconciliation between the two factions. I would further support the idea that proper planning should be made so that the concentration of the population in Karachi is dispersed. People from remote areas who cannot find any job opportunities in their areas as there is no industrial development whatsoever in those areas, naturally perforce make a move towards Karachi. In this regard not only the planning should be made at the provincial level as in the long run even that might cause concentration of wealth in certain pockets but even rural areas must be kept in mind *e.g.* remote areas. Since I come from Sawat I would say Sawat, Dir, Chittral, Malakand all these areas where there is no industry whatsoever except one or two, not even two but one. The other areas, *e.g.*,

the Southern districts of Frontier, Punjab, Baluchistan, the Interior of Sind, should get their due and rightful share in the industrial development so that the people of those areas in their own areas can work and be close to their children and have the right and opportunity to find job and earn their bread. With these few words I thank you Sir, for providing me this opportunity.

**Mr. Chairman :** Thank you very much. Haji Akram Sultan Sahib.

**Haji Akram Sultan :** بسم اللہ الرحمن الرحیم Thank you Mr. Chairman. It is with my heavy heart that I stand up to speak in this House today. I will be brief as I speak on tragic events and I shall resist the temptation of making political capital out of the event which is the cause of a great sorrow and sadness, therefore, I shall offer my heartfelt condolence to the bereaved families and the victims of this unfortunate incident although money can never in real terms compensate the sufferings of the victims and their families. I will urge the Federal Government to provide suitable compensation to the victims and their families so that they may be able to give them a fresh start in their lives. I would appeal to all my countrymen specially the citizens of Karachi to unite to foil all attempts to incite them to violence. I would like to remind them that the killing of a Muslim by another Muslim is an unpardonable sin. I would ask all citizens to live as brothers and remind them of the internal, external dangers that are faced by our beloved country.

However, Sir, the crimes committed must not go unpunished and measures should be taken to prevent such incidents in future I, therefore, call for the establishment of an impartial tribunal headed by a Judge of the Supreme Court to investigate the events of last December and to present their recommendations for the future. This report should be placed before the Senate and the National Assembly and its findings should be implemented under supervision of the joint committee of the both Houses. I pray to Allah to have mercy on the departed souls and to guide us to live as brothers for all times to come (Ameen). Thank you Mr. Chairman.

**Mr. Chairman :** Thank you very much. Mir Nabi Bakhsh Zehri Sahib.

موجود نہیں ہیں ، بریگیڈیئر محمد حیات صاحب ۔

بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) محمد حیات : جناب چیئرمین ! میں آپ کا مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے بولنے کا موقع دیا اور میں وزیر داخلہ صاحب کا بھی شکریہ ادا کرتا ہوں کہ وہ بڑی فراخدلی سے ہمارے سارے مطالبات سن رہے ہیں ۔ مجھے ذاتی علم تو کراچی کے ان فسادات کے بارے میں نہیں ہے ، میں نے صرف اخبار میں پڑھا ہے اور یا اس ہاؤس میں جو بحث ہوئی ہے وہ سنی ہے اس بحث میں تقریباً سارے موضوع آ گئے ہیں اور یہ دو تین طرف اس سانحے کا اشارہ ملتا ہے ایک اس میں ethnic differences دوسرا likelihood of espionage دشمن کی کارروائی خواہ وہ مشرق کی طرف سے ہو یا مغرب کی طرف سے ہو اور تیسرا اور میرے خیال میں سب سے بڑا المیہ جو ہے وہ انتظامیہ کی ناکامی کا ہے سہراب گوٹھ ابھی نہیں بنی تھی سہراب گوٹھ تو ۱۹۷۰ سے بننی شروع ہوئی ہے اس وقت مارشل لاء کا زمانہ تھا اور میں نے خود اسے دیکھا ۔ اس کے بعد وہ بستی بڑھتی گئی اور آہستہ آہستہ اس میں منشیات کا کاروبار بھی شروع ہو گیا ۔ سمگلنگ کا تو دھندا تو پہلے ہی وہاں تھا اور اس کے بعد ہتھیار بھی وہاں سے ملنے لگے تو اس خیال سے وزیر اعلیٰ کا ایکشن جو تھا وہ حق بجانب تھا کس طرح اسے کیا گیا یہ اور بات ہے اس کی تحقیقات ہو سکتی ہے اور ہونی چاہیئے اور کئی بے گناہ لوگوں کا نقصان ہوا اور کئی گنہگار بچ گئے وہ کس طرح بچ کر نکل گئے اور یہ سب انتظامیہ کی ناکامی کی وجہ سے ہے جہاں تک دو کمیونٹیز کا تعلق ہے ، میرا خیال ہے دونوں کمیونٹیز نے پاکستان کے لئے اپنی جان اور مال کی بے بہا قربانیاں دی ہیں اور کسی پر تنقید کرنا جائز نہیں ہے اور اب کوشش یہ کرنی چاہیئے کہ دونوں کمیونٹیز اکٹھی رہیں خواہ وہ کراچی میں ہوں یا لاہور میں ہوں یا پشاور میں ، یہ جھگڑا نہیں ہونا چاہیئے کہ وہ پٹھان ہے پنجابی ہے یا مہاجر ہے ہم سب پاکستانی ہیں ۔

ایڈمنسٹریشن کا failure مجھے زیادہ نظر آتا ہے اس لئے کہ سہراب گوٹھ کے دو دن کے ایکشن کے بعد انتظامیہ کو پتہ تھا کہ گڑبڑ ہو سکتی ہے لیکن انہوں نے کوئی قدم نہیں اٹھایا میں یہ عرض کروں گا کہ سینٹ کی ایک کمیٹی بنائی جائے جس میں ہر صوبے کا ایک سینیٹر موجود ہو اور اس کا چیئرمین کسی ایک بڑی شخصیت کو بنا سکتے ہیں تاکہ وہ اس سارے المیے کا جائزہ لے کہ کہاں حکومت کی غلطی ہے کہاں سیاستدانوں کی غلطی ہے

کہاں ایڈمنسٹریشن فیل ہو گئی ہے، میرے خیال میں ایڈمنسٹریشن کا failure اس قدر زیادہ ہے پولیس، ایس پی ڈی سی، آئی جی، کمشنر، ان سب کو اب تک remove کر دینا چاہیئے تھا، بہر حال اس انکوائری کے بعد ان کے خلاف ایکشن لیا جا سکتا ہے، جو قصوروار ہیں۔

احساس محرومی سندھ میں موجود ہے کراچی میں بھی کسی حد تک ہے، لیکن سندھ میں شاید زیادہ ہے اس کو دور کرنے کے لئے میں یہ عرض کروں گا کہ سارا ملک انڈسٹری کے لئے کھول دیا جائے، خاص خاص علاقوں کو پانچ سال کی رعایت دی گئی ہے کہ وہاں ٹیکس نہیں ہوگا اور کسی قسم کی ٹیکسیشن نہیں ہوگی اور رعایتی قرضے ملیں گے، یہ سوائے میونسپل کارپوریشن سے اور میونسپل ٹاؤن کے باہر جتنے بھی دیہات کے ایریاز ہیں ان میں یہ رعایت دی جائے۔ اس سے ملک میں انڈسٹری بہت جلدی بڑھے گی اور سب کو ملازمت ملے گی اور سارے علاقے صحیح آباد ہو سکیں گے ابھی تمام ملک کی ساٹھ فیصدی انڈسٹری کراچی میں لگی ہوئی ہے، حالانکہ اس میں سے آدھی کی منظوری دوسرے صوبوں کی ہے اور لوگ پرمٹ ٹرانسفر کراتے رہے ہیں اور کراچی میں جاتے رہیں۔ اس میں انڈسٹریلسٹ کا بھی قصور ہے اور آج کی حکومت سے پہلے کی حکومت کے ذمہ دار افراد کا بھی قصور ہے، انڈسٹری کے لئے سارے صوبوں اور سارے ضلعوں کو کھول دینا چاہیئے تاکہ سب کو رعائتیں ملیں خواہ کوئی ڈیرہ اسماعیل خان میں لگائے۔ یا بھکر میں لگائے یا بہاول نگر میں لگائے یا ٹھٹھہ یا نواب شاہ میں لگائے، یہ رعایت سارے ملک میں دے دینی چاہیئے اس طرح انڈسٹریوں کا جال بچھ جائے گا۔ اور سب کو ملازمت بھی مل جائے گی اور احساس محرومی بھی جاتا رہے گا اس گزارش کے ساتھ میں ختم کرتا ہوں۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: بہت شکریہ، ہمارے اگلے مقرر جناب ہاشم خان ہیں غالباً سینٹ میں یہ ان کی پہلی تقریر ہے، اگر ایسا ہی ہے اور میڈن سپیچ ہے تو آپ ان کی حوصلہ افزائی کیجئے۔

جناب محمد ہاشم خان: تھینک یو مسٹر چیئرمین! میں زیادہ وقت نہیں لونگا۔ جناب والا! اخباروں میں بھی آرہا ہے۔ اور جیسے ہمارے سینیٹر بھائیوں نے

[Mr. Muhammad Hashim Khan]

علیحدہ علیحدہ سپیچز میں بھی یہ بتایا کہ کافی لوگ اس کراچی والے سانحے میں وفات پا چکے ہیں ابھی تک صحیح فگرز سامنے نہیں آئے ۔ اور غالباً حکومت بھی اس کے اوپر خاموش ہے ، جتنے اخبار ہیں ہر ایک اخبار علیحدہ علیحدہ فگرز پیش کر رہا ہے جتنی تقریریں یہاں ہو چکی ہیں ۔ ان میں بھی علیحدہ علیحدہ فگرز ہیں میرا تو یہی مطالبہ ہوگا کہ سب سے پہلے حکومت اس چیز کی وضاحت کرے کہ آیا کتنے لوگ اس میں مارے جا چکے ہیں کتنے زخمی ہوئے اور ان کا تعلق صوبہ وار کتنا کتنا ہے ، جناب والا ! جیسا کہ ہم نے اخباروں میں پڑھا کہ سہراب گوٹھ کو بلڈوز کیا گیا لیکن ساتھ خبروں میں یہ بھی آیا کہ وہاں پر بہت کم ہیروئن اور کلاشنکوف یا کچھ ایسا اسلحہ برآمد ہوا ۔ اگر یہی ہے تو پھر اس کو بلڈوز کرنے کی ضرورت کیوں پیش آئی جب کچھ نکلا ہی نہیں تو آخر حکومت کو اس کو بلڈوز کرنے کا کیا مطلب تھا ۔ میرے خیال میں حکومت کو اس کی وضاحت کرنی چاہیئے ۔ جتنے میرے سینیٹر بھائی ہیں وہ بھی اس بات پر زور دیں گے کہ اس سے حکومت کی مراد کیا تھی ۔ جناب والا ! اگر انہوں نے گنتی کے چند سمگلرز کے لئے سہراب گوٹھ کو بلڈوز کیا تو یہ ہیروئن جہاں سے آتی ہے اس علاقے کے اوپر یہ کنٹرول کیوں نہیں کرتے ۔ ان لوگوں کو کیوں کھلی چھٹی دے رکھی ہے ، جہاں پر یہ ہیروئن بنتی ہے اگر یہ خیبر سے ہوتی ہوئی کراچی پہنچتی ہے تو بیچ میں ہزار بارہ سو میل میں چیک کیوں نہیں ہوتی ۔ کیا وجہ ہے کہ یہ اتنی آسانی سے کراچی پہنچ جاتی ہے اور سہراب گوٹھ اس کی دوسری مارکیٹ بن جاتی ہے ۔ میرا خیال ہے جہاں سے یہ آتی ہے اس کو وہاں سے ابھی ختم ہونا چاہیئے ۔ نیبر ایجنسی میں چند گنتی کی لیبارٹریز تھیں ۔ جب مارشل لاء کے دوران میں وہاں ایکشن ہوا تھا اب جا کر وہاں دیکھا جائے ، تو وہاں سینکڑوں کی تعداد میں لیبارٹریز ہیں ۔ آخر کیا وجوہات ہیں ۔ لیبارٹریز میں اتنا اضافہ ہوا ہے کیا ہمارے پولیٹیکل ایجنٹ ، گورنمنٹ کی مشینری اس کو کنٹرول نہیں کر رہی ابھی یہ بھی سننے میں آیا ہے کہ بڑے بڑے شہروں میں یہ لیبارٹریز کام کر رہی ہیں ، پہلے تو کراچی میں سہراب گوٹھ میں سب اکٹھی تھیں ، لیکن اب وہاں بھی پھیل گئی ہیں اب حکومت کو چاہیئے کہ ان کا بھی کچھ بندوبست کرے تاکہ آسانی کے ساتھ لوگوں کو محلے کی سطح پر یہ چیز نہ ملے ۔

جناب والا ! کافی لوگوں سے اور سینیٹرز بھائیوں سے سنا ہے یہ سمگلرز گورنمنٹ آفیشلز کو ایک کروڑ روپے ماہانہ دیتے رہے ہیں ۔ لیکن ابھی تک حکومت نے اس کی

تردید نہیں کی۔ آخر اس خاموشی کی کیا وجہ ہے۔ میرے خیال میں یہ حکومت کے لئے اور ہم لوگوں کے لئے جو مسلم لیگ کے ساتھ وابستہ ہیں۔ یہ کافی شرم کی بات ہے کہ ہماری حکومت میں بھی ایسے لوگ موجود ہیں کہ ہم کھلم کھلا اس کے اوپر تنقید کر رہے ہیں کہ بھئی یہ چیز ہو رہی ہے۔ لیکن یہاں کوئی جواب دینے کے لئے تیار نہیں ہے۔

جناب والا! پاکستان کو بنے تقریباً چالیس سال ہو چکے ہیں لیکن ہم ابھی تک یہی سن رہے ہیں کہ ہم مہاجر ہیں اور ابھی چالیس سال میں مہاجر کا ڈیفینیشن نہیں ہوا، دوسری جنریشن بھی آگئی ہے وہ بھی اپنے آپ کو مہاجر لیبل رہی ہے میرے خیال میں ہم پرائمری تعلیم میں اپنے بچوں کو یہ تعلیم دیں کہ مہاجر ہم ۱۹۴۷ء میں تھے اب تو ہم جس صوبے میں جس علاقے میں آباد ہیں، ہم وہیں کے ہیں اگر سندھ میں ہیں تو ہم سندھی ہیں، فرنٹیئر میں ہیں تو ہم فرنٹیئر کے پٹھان ہیں۔

جناب والا! میں حکومت سے یہ مطالبہ کروں گا کہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس سے کراچی کے واقعات کی آزادانہ طور پر انکوائری کرائی جائے اس میں نیشنل اسمبلی، سینیٹ، صوبہ سرحد اور بلوچستان کے ممبران کو دعوت دی جائے ان کو اس میں شامل کیا جائے وہ اس انکوائری میں بیٹھیں کیونکہ کافی پٹھان اور بلوچی اس میں مارے جا چکے ہیں،

جناب والا! بحث تو کراچی کے لاء اینڈ آرڈر پر ہو رہی ہے لیکن اگر میں یہ کہوں کہ ہمارے صوبہ سرحد میں بھی لاء اینڈ آرڈر کا یہی حال ہے، جیسے کراچی کا ہے جناب شام کو کوئی بھی گھر سے نکل کر باہر نہیں جا سکتا اگر آپ شام کو کہیں سفر کر رہے ہیں۔ آپ کو دو چار باڈی گارڈز ہمراہ لینے ہوں گے یہ بھی ہم نے دیکھا ہے کہ ہمارے علاقہ پشاور اور چارسدہ سے لوگ آدمیوں کو بڑی آسانی کے ساتھ اٹھا کر ٹرائیبل علاقہ میں لے جاتے ہیں پرسوں ہمارے ہاں یہی واقعہ ہوا۔ بازار سے ایک بہت بڑے دکاندار کو اٹھا لے گئے روزانہ یہی سننے میں آتا ہے کہ ہمارے ہاں سے لوگوں کو اغواء کر کے ٹرائیبل علاقے میں پہنچایا جاتا ہے۔ پرسوں مجھے ایک آدمی نے پیغام بھیجا کہ خدا کے لئے کچھ کرو مجھے یہاں سے نجات دلا دو۔ وہ ایک ٹرائیبل ایریا میں قید تھا۔ اور ابھی بھی قید ہے لوگوں کو وہاں پر بیڑیاں ڈال کر باندھا گیا ہے حالانکہ حکومت کو خود پتہ ہے کہ وہاں پر یہی کچھ ہو رہا ہے وہاں کے پولیٹیکل ایجنٹ یا اسسٹنٹ پولیٹیکل ایجنٹ

[Mr. Muhammad Hashim Khan]

ان کو کہتے ہیں کہ بھائی خود جا کر ان سے تصفیہ کریں۔ مطلب یہ کہ آپ ان کو پیسے دے کر چھڑا لیں۔ آخر ہم تو سٹیلڈ ایریا میں ہیں یہ جرائم پیشہ لوگ یہاں گناہ کر کے وہاں پناہ لے لیتے ہیں۔ اگر وہ یہاں آ کر بدامنی پھیلاتے رہیں تو ہمارے شریف لوگوں کو ان سے بہت تکلیف ہوتی ہے۔ لہذا میں حکومت سے مطالبہ کروں گا کہ ہمیں تحفظ مہیا کیا جائے اور ہماری یہ تکلیف دور کی جائے۔

جناب والا! فرنٹیئر سے کافی فرنٹیئر کانسٹیبلری جو پٹھان ہیں سندھ میں بھیجی گئی ہے جہاں ان کو امن عامہ برقرار رکھنے کے لئے استعمال کیا گیا ہے اس میں پہلے بھی۔ ان کو anti-dacoits مہم میں بھی استعمال کیا گیا ہے۔ میں حکومت سے مطالبہ کروں گا کہ اگر ان کے پاس لاء انفورسنگ ایجنسی کم ہیں یا اپنا ان کے پاس بندوبست نہیں ہے۔ تو وہ اپنی ایسی فورس تیار کریں اور فرنٹیئر کانسٹیبلری کو سندھ میں نہ بھیجا جائے کیونکہ اس سے وہاں کی مقامی آبادی میں ہمارے خلاف نفرت پھیلائی جاتی ہے یا پائی جاتی ہے وہ کہتے ہیں کہ دیکھو پٹھان وغیرہ وہاں آ کر ہمیں مار رہے ہیں میری حکومت سے یہی درخواست ہو گی کہ وہ نئی سندھ رجمنٹ تیار کرے اور امن عامہ کے لئے اس کو استعمال کرے تاکہ ہم بھائیوں کے درمیان نفرت نہ بڑھ سکے۔ میری ایک تجویز ہے کہ اب سہراب گوٹھ میں ایک پارک بن رہا ہے اس میں ہمارے شہید بھائیوں کے لئے یعنی

in the memory of those people who were killed or who were murdered there.

ایک ایسی یادگار سی بنائی جائے تاکہ ہمارے دلوں میں وہ یاد رہیں کہ یہاں پر بے گناہ لوگ مارے گئے تھے۔

جناب والا! جیسا کہ آپ سب ممبران کو معلوم ہے کہ لوگ دیہاتوں سے شہروں کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ پاکستان کے ۷۰ فیصد لوگ زراعت پیشہ ہیں، اگر زراعت کا بحران نہ ہو جیسے آجکل ہے تو یہ لوگ کیوں شہروں کا رخ کرتے لوگ زمینداری نہیں کر رہے زمین کو چھوڑ رہے ہیں۔ محنت مزدوری کے لئے شہروں میں جاتے ہیں کیونکہ زیادہ پیسے ملتے ہیں۔ اگر زراعت کو حکومت منافع بخش بنا دے اور کاشت کردہ اشیا کا اچھا پیسہ ملے تو لوگ ہزاروں میل دور نہیں جائیں گے میرا حکومت سے مطالبہ ہو گا کہ چھوٹے

چھوٹے گاؤں میں انڈسٹریز لگائی جائے نہ کہ بڑے شہروں میں۔

جناب والا، ہمارے چارسدہ میں دو ملیں ہیں ایک پیپر مل ہے اور دوسری شوگر مل ہے یہ دونوں گزشتہ دو سال سے بند پڑی ہیں سات آٹھ ہزار مزدور اس میں کام کرتے ہیں مگر ان کو تنخواہیں نہیں ملتی ہیں ایک سال تک وہ روزانہ جلوس نکال نکال کر جب تھک گئے تو انہوں نے پشاور کا رخ کیا کہ شاید کیپٹل میں شنوائی ہو جائے لیکن چھ مہینے تک وہاں بھی کچھ نہ ہوا، ظاہر سی بات ہے کہ وہاں کے ٹیکنیشن، ماہر اور مزدور ہیں بے روزگاری کی وجہ سے کہ اچھی کا رخ کریں گے وہ دیگر بڑے بڑے شہروں کا رخ کریں گے تو میری یہی تجویز ہو گی کہ حکومت ان ملوں کو کسی طرح سے چالو کر دے، اگر صوبائی حکومت کچھ نہیں کر سکتی تو مرکزی حکومت سے فنڈ طلب کرلے، کیونکہ اتنی بڑی ملیں جن پر کثیر سرمایہ خرچ ہوا، اور ان کے سات آٹھ ہزار مزدوروں کو ابھی تک تنخواہیں نہیں ملی ہیں اور یہ سات آٹھ ہزار گھرانے بے روزگاری کی وجہ سے پریشان ہیں اگر وہ ملیں چالو ہو جائیں تو لوگ شہروں کا رخ نہیں کریں گے۔

جناب والا! اگر چھوٹے صوبوں کو انڈسٹریز میں اپنے حقوق مل جاتے تو میرا خیال ہے کہ لوگ بڑے شہروں اور صوبوں کا رخ نہ کرتے۔ میری یہی تجویز ہو گی کہ جو صوبے undeveloped ہیں، جہاں پر بیروزگاری زیادہ ہے۔ وہاں پر انڈسٹریز لگائی جائیں۔ کم از کم زیادہ نہیں تو ان کے شیئرز کے مطابق تو انڈسٹریز ضرور لگائی جائیں تاکہ لوگ دوسرے شہروں کا رخ نہ کرسکیں۔

جناب والا! میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا Thank you very much.

جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔ ایک اور صاحب جو حوصلہ افزائی کے مستحق ہیں وہ ہمارے سب سے نئے ممبر جناب ممتاز احمد خان صاحب ہیں۔ انہوں نے بھی اس موضوع پر بولنے کی خواہش ظاہر کی ہے۔ جناب ممتاز احمد خان صاحب۔

جناب ممتاز احمد خان: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب چیئرمین صاحب۔ معزز اراکین! سہراب گوٹھ کا جو اندوہناک سانحہ ہوا ہے اس پر نہ صرف

[Mr. Mumtaz Ahmed Khan]

کراچی بلکہ سارا پاکستان دلگیر ہے۔ ہر شخص کو اس سے انتہائی صدمہ پہنچا ہے لیکن سہراب گوٹھ صرف ایک جگہ کا نام نہیں ہے۔ جس طرح کہتے ہیں کہ کوئی انسان بیمار ہے اس کی کوئی علامات ہیں لیکن ڈاکٹر صحیح طور پر دیکھ سکتا ہے کہ بیماری کہاں پر ہے۔ یعنی فوکس دیکھتے ہیں کہ اس بیماری کا فوکس کیا ہے۔ یہ سہراب گوٹھ اس بڑی بیماری کا ایک اشارہ ہے۔ ایک ملک کو وارننگ ہے ایک علامت ہے اس کی کہ آپ خبردار رہیں اور احتیاط کریں اور اپنے آپ کو سنبھالیں حقیقت یہ ہے کہ آج بدقسمتی سے پاکستان کی حالت اس جہاز جیسی ہے جس کا لنگر ٹوٹ چکا ہو۔ cut off from its anchor.

اور وہ لہروں پر ہچکولے کھاتا جا رہا ہو۔ جس وقت علامہ اقبال رح نے دسمبر ۱۹۳۰ء میں اپنا تاریخی خطبہ ارشاد فرمایا جو پاکستان فاؤنڈیشنل پیپر کہلاتا ہے اس میں ایک جملہ ہے جسے جگہ جگہ سنہری حروف میں لکھنا چاہیئے خود بھی یاد رکھیں، لوگوں کو بھی یاد دلائیں اور اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں۔ کیونکہ ہم کہتے ہیں کہ ہم اسلامی ریاست ہیں، ہم اسلام پر عمل کرنا چاہتے ہیں، ہم نفاذِ اسلام کے داعی ہیں۔ لیکن پچھلے چالیس سال سے ہمارا تمام عمل اس کے برعکس رہا ہے علامہ اقبال رح نے اس پر ایک جملہ فرمایا کہ اسلامی ریاست کیا ہے۔

The religious ideal of Islam is, therefore, organically related to the social order which it has created. The rejection of the one will eventually involve the rejection of the other.

اسلام کے عقائد کو ساتھ لیتے ہوئے اس سوشل آرڈر کو قائم نہ کریں تو سمجھیئے کہ ہم نے اسلام کے عقائد کی نفی کر دی ہے۔

The rejection of the one will eventually involve the rejection of the other.

اور وہ سوشل آرڈر کیا تھا۔ کس طرح مختصر الفاظ میں انہوں نے فرمایا۔

کس نباشد در جہان محتاج کس
نکتۂ شرع مبیں اینست و بس

ہماری تمام شریعت کا نچوڑ یہی ہے کہ قرآن و سنت اور اسلامی احکامات کی روشنی میں ہم ایک ایسا معاشرہ تعمیر کر سکیں جس میں کوئی آدمی کسی کا

محتاج نہ رہے اب آپ دیکھیئے کہ اس حکومت نے ایک نہایت اچھا اقدام کیا ہے کہ زکوٰۃ کی کٹوتی شروع کر دی گئی ہے۔ الحمدللہ! افسر جو ہیں جو کسی نہ کسی وجہ سے زکوٰۃ نہیں دیتے لیکن زکوٰۃ کاٹی جاتی ہے تو میں سمجھتا ہوں بہت اچھا ہے۔ کہتے ہیں کہ اربوں روپے زکوٰۃ میں جمع ہوتے ہیں۔ کتنے دُکھ کی بات ہے کہ آپ پانچ دس قدم نہیں چل سکتے کسی شہر میں کہ کوئی معذور، کوئی غریب عورت، کوئی غریب آدمی، کوئی بچہ مانگتا ہوا نہ ملے۔ ہمارے لئے باعث شرم ہے زکوٰۃ آخر کہاں جاتی ہے۔ آپ ان کے لئے کوئی روزگار مہیا کریں تاکہ صحیح اسلامی ریاست میں جو کہ ہم رسولِ اکرم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے دیکھتے آئے ہیں اور اس وقت تک جب اسلام اپنی صحیح پوزیشن میں رہا ہے دو چیزیں کبھی نہیں ہوئیں۔ ایک تو یہ کہ مانگنے والے اور ننگے پاؤں چلنے والے لوگ آپ کو نظر نہیں آئیں گے۔ دوسرے یہ کہ پولیس کی نفری کم سے کم ہو گی۔ کیونکہ ہر آدمی اپنا احتساب خود کریگا یہ تو ہیں اسلامی ریاست کی دو بڑی نشانیاں۔ اب آپ دیکھ لیں کہ ہم نے کہاں تک ترقی کی ہے، ان چالیس سالوں میں ہم کہاں تک پہنچے ہیں اور کہاں تک ہم نے نفاذ اسلام میں کامیابی حاصل کی ہے۔ بڑے دُکھ کی بات کہہ رہا ہوں۔

یہ سہراب گوٹھ کا قصہ بڑے دکھ کی بات ہے لیکن یہ چیز لاہور میں بھی ہے، اب صرف پھٹنے کی بات ہے کہ پھوڑا کہاں پھٹتا ہے، لاوا کہاں پھٹتا ہے۔ راولپنڈی میں بھی ہے، پشاور میں بھی ہے۔ کسی جگہ بھی ہو سکتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ یہ وہاں کی حکومت کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ وزیر اعلےٰ صاحب معصوم ہوں مجھے کچھ پتہ نہیں ہے۔ کہتے ہیں کہ ٹربیونل مقرر کریں۔ الحمدللہ! ضرور مقرر کریں۔ چیف جسٹس صاحب کو مقرر کریں اور دیکھیں کہ اصل واقعہ کیا تھا لیکن اگر کوئی چیز دنیا میں اخلاقیات بھی ہے جس کی بنیاد پر اسلام کی تمام

[Mr. Mumtaz Ahmed Khan]

عمارت تمام ہے تو اس کا تقاضا یہ تھا کہ وزیراعظم کہتے کہ یہ الزام تم مجھ پر لگاتے ہوئے استعفےٰ دیتا ہوں۔ تم تفتیش کروالو۔ اگر میں معصوم پایا گیا تو میں واپس آ جاؤں گا۔ وزیر اعلےٰ صاحب اپنی کابینہ سمیت مستعفی ہو جاتے۔ اخلاقی قوت دیکھئے کہ ایک ہمسایہ ملک حیدرآباد دکن میں جاتے ہوئے ریلوے ٹرین پل ٹوٹنے سے دریا میں جا پڑی۔ بیشمار جانیں ضائع ہوئیں دہلی میں بیٹھا ہوا ایک ریلوے وزیر نے استعفےٰ دے دیا کہ اخلاقی ذمہ داری میری تھی کہ ریل حیدرآباد دکن کے پل سے گزر جاتی۔ پھر اللہ نے اس کو صبر بھی دیا۔ اس آدمی کو دوبارہ کابینہ میں عزت و آبرو سے لائے۔

میں سمجھتا ہوں کہ تساہل و تغافل کی انتہا ہو گئی ہے جب سب لوگ یہ مانتے ہیں کہ سہراب گوٹھ ہر قسم کی بدعنوانیوں کا ایک مرکز بنا ہوا تھا وہاں کی انتظامیہ کیا کر رہی تھی، کس پریشر میں تھی۔ سیاسی پریشر بھی ہو سکتے ہیں۔ لیکن وہ انتظامیہ کیا انتظامیہ ہے جو سیاسی پریشر میں آ جائے دباؤ میں آ کر عوام کی بھلائی کا خیال نہ کرے اور ان تمام نظریات و قواعد کو پس پشت ڈال دے، جن کا وہ دن رات نام لیتے ہیں۔ اگر کہیں کہ جی ہم نے نرمی برتی ہے، ہم نے ان کو وقت دیا ہے۔ یہ غلط بات ہے۔ اس قسم کے لوگوں کو معافی دینے کے لئے اسلام میں کوئی معافی نہیں ہے یہ آدمی کی اپنی ڈی سورالائزیشن ہے۔ آج میں جب وہ وقت دیکھتا ہوں جب ہم ۱۹۴۰ء میں طالب علم تھے اور گاؤں گاؤں، قریہ قریہ "بن کے رہے گا پاکستان، لے کر رہیں گے پاکستان،" کہتے پھرتے تھے۔ پھر حالات نے پلٹا کھایا۔ اور آج تاریخ ہم سے پوچھ رہی ہے کہ:

کل کون تھے آج کیا ہو گئے تم

ابھی جاگتے تھے ابھی سو گئے تم

کوئی جواب ہے ہمارے پاس اس کا؟ اس ملک کے ساتھ سب سے بڑی

ٹریجڈی ہوئی لیکن کسی کو اس پر اختیار نہیں تھا۔ مشیت ایزدی تھی کہ قائد اعظمؒ کو وقت نہ ملا اس ملک کی تعمیر کے لئے، وہ مشکل سے اس کے بعد ایک سال زندہ رہے اور اس میں سے بھی وہ چھ ماہ بستر پر رہے۔ لیاقت علی خان صاحب نے اس ملک کو سنبھالنے کی بڑی کوشش کی لیکن اس کے بعد پھر چند شیطان صفت لوگ آئے جنہوں نے یکے بعد دیگرے اس ملک کو اس نہج پر پہنچایا ہے اور موجودہ حکومت کے ساتھ بڑا ہینڈی کیپ یہ ہے کہ ۱۹۷۷ء سے جو ملبہ پڑ رہا ہے اس پر اس ملک کی جو تباہی ہو رہی ہے یہ اس کا ملبہ تک ابھی نہیں اٹھا سکے۔ یہ ان کا اپنا ہینڈی کیپ ہے۔ بڑی بدقسمتی ہے کہ ۱۹۷۷ء کے بعد جب تباہی بڑے زور سے اور بڑے سکیل پر شروع ہوئی تو اس کو یہ سنبھال ہی نہ سکے اور آج صورت یہ ہے۔

تن ہمہ داغ داغ شد
پنبہ کجا کجا نہم

آپ تعلیم کی بات لیجئے، آپ ہسپتالوں کی بات لیجئے۔ میرے بچے کالجوں میں پڑھتے ہیں وہ شام کو آ کر بتلاتے ہیں کہ ابا کوئی استاد کلاس نہیں لیتا۔ کبھی حاضری نہیں لگاتے۔ ان کے لئے ٹیوٹر تلاش کروں۔ کالجوں میں حاضری نہیں ہے، استاد نہیں آتے۔ استاد ٹیوشنوں کے پیچھے بھاگ جاتے ہیں۔ ہسپتالوں میں سوائے وزراء اور وی آئی پی کے کسی کا علاج نہیں ہوتا۔ وہ بوچڑ خانے ہیں۔ خود میرے دو عزیز پچھلے دو سالوں میں سروسز ہسپتال میں ڈاکٹروں کے تغافل یا مس ہینڈلنگ کی وجہ سے مارے گئے، قتل ہو گئے۔ وہاں کے سینیئر ڈاکٹروں نے کہا کہ اگر تم آج عدالت میں جاؤ تو ان ڈاکٹروں کی جنہوں نے تمہارے عزیزوں کا علاج کیا ہے، ڈگری ضبط ہو سکتی ہے یعنی وہ بوچڑ خانے بنے ہوئے ہیں۔ اگر آپ نے اس ملک میں علاج کروانا ہے تو آپ کو وزیر یا وی آئی پی ہونا پڑے گا ورنہ سمجھیں کہ

[Mr. Mumtaz Ahmed Khan]

آپ کسی نہ کسی طریقے سے اس دنیا کو خیرآباد کہہ گئے۔ اس ساری چیز کے پیچھے جو کچھ آج ہو رہا ہے۔ اس کے لئے جناب والا! ایک بہت ہی analysis in depth کی ضرورت ہے، لیکن تمام عاجزی کے ساتھ عرض کرتا ہوں کہ ایک سفید پوش ہونے کی وجہ سے میں تمام حالات سے واقف ہوں، روز دیکھتا ہوں کہ دنیا میں کیا ہو رہا ہے، گھر میں کیا ہو رہا ہے، باہر کیا ہو رہا ہے، گلی کوچوں میں کیا ہو رہا ہے اس کی تہہ میں جو کچھ ہے تو وہ officially patronized inflation ہے۔ وہ مہنگائی جس کی سرکاری طور پر سرپرستی کی جا رہی ہے۔ ایک مہنگائی تو وہ کہ جس کو ہم سمجھتے ہیں کہ دنیا میں لازم ہے وہ افراط زر ہے کہ جس سے پٹرول کی قیمت بڑھ گئی، ڈالر کی قیمت بڑھ گئی یہ ہوگیا وہ ہوگیا، لیکن اس کے بعد جو ہماری بدقسمتی ہوئی وہ یہ کہ سیاستدان نے اپنے مقاصد کے لئے صنعت کاروں کو تاجروں کو کھلی چھٹی دے دی کہ تم جس طرح ہو سکے صارفین کو لوٹ لو لیکن اگر مخالف پارٹی کہے کہ ہڑتال کرو تو خدا کے واسطے ہڑتال نہ کرو it was never so good for them as it is today.

کہ آج کا صنعت کار اور آج کا تاجر جو ہے وہ اتنا خوشحال ہے ہم دیکھتے ہیں کہ جو کل وہاں پر چوک متی میں بھاٹی دروازے کے اندر دکانیں کرتے تھے انہوں نے آج جا کر شادمان میں اور گلبرگ میں کوٹھیاں بنا لی ہیں، فبہا، کوٹھیوں سے حسد نہیں، لیکن جس طریقے سے بنائی ہیں، وہ افسوس کی بات ہے، یہ نکتہ حکیمانہ میں نے اپنے محترم دوست پروفیسر غفور احمد صاحب سے سنا جس وقت کہ وہ صدر ضیاء الحق صاحب کی کابینہ میں رکن تھے منصورہ تشریف لائے، خاکسار کو بھی وہاں پر بلایا گیا، کھانے کی دعوت کے بعد چند دوستوں کے ساتھ گپ شپ لگا رہے تھے تو میں نے کہا کہ پروفیسر صاحب آپ نے بھٹو کے خلاف اس تحریک کے دنوں میں دو نعرے لگائے تھے کہ نظام مصطفےٰ ہو گا اور ہم قیمتوں کو کنٹرول کریں گے،

قیمتوں کو کم کریں گے۔ انہوں نے نہایت بے تکلفی سے فرمایا کہ نظام مصطفیٰ کے لئے کوشش ہو رہی ہے اور انشاءاللہ وقت کے ساتھ ساتھ ہم یہاں نظام مصطفیٰ قائم کر دیں گے، لیکن جہاں تک تم قیمتوں کا ذکر کرتے ہو، اے دوستو! دیکھو، کچھ حد تک قیمتیں قابو میں ہو سکتی ہیں، کم بھی ہو سکتی ہیں، لیکن یہ دو دھاری تلوار ہے۔ یہ ان کے الفاظ ہیں یہ دو دھاری تلوار ہے قیمتوں کا مسئلہ، اگر قیمتیں ہم کم کرنے کی کوشش کریں گے تو تاجر طبقہ ہم سے ناراض ہو جائیگا مجھے پسینہ آگیا، میرے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی کہ اتنی اعلیٰ جماعت کا ایک فرد اور نائب امیر، وہ ہیں یہ کہہ رہا ہے کہ دیکھو قیمتیں جو ہیں یہ دو دھاری تلوار ہیں اگر ہم نے ان پر قابو پانے کی کوشش کی تو تاجر طبقہ ہم سے ناراض ہو جائے گا۔ عوام جہنم میں جائے، عوام کو کون پوچھتا ہے، "کیونکہ پی این اے کی تحریک میں تاجر طبقے نے بڑا تعاون کیا، الحمدللہ، بڑا تعاون کیا، صحیح بات ہے، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں تھا کہ آپ اس ملک کے صنعت کار کو اس ملک کے تاجر کو" اس ملک کی پوری حکومت دے دیں۔ اس لحاظ سے اقتصادی حکومت کہ وہ جس طرح چاہے عوام کی کھال ادھیڑتا چلا جائے ہم کچھ نہیں کریں گے وہی پالیسی جو ہے وہ آج تک چلی آ رہی ہے، مرکزی طور پر بھی، صوبائی طور پر بھی میں نے بڑے بڑے صاحب اقتدار لوگوں سے ذمہ دار لوگوں سے یہ بات سنی ہے کہ بھئی ہم ایسا کچھ نہیں کریں گے کہ "تاجر کے لئے کسی قسم کا کچھ کریں۔

اب یہ ہے طالب علمی کے زمانے کی بات جس وقت ہٹلر کی جنگ شروع ہوئی ہے انگریز نے دہلی میں civil supplies and price control کا ایک محکمہ جاری کر دیا، مجھے یاد ہے کہ مجھے اس زمانے میں ۶۰ روپے ماہوار لاہور گورنمنٹ کالج میں آیا کرتے تھے، ۶ سال کی اس لڑائی میں کوئی فرق ہی نہیں پڑا کہ میں کہوں کہ آپ مجھے ۷۰ روپے

[Mr. Mumtaz Ahmed Khan]

بھیج دیں کیونکہ مہنگائی ہو گئی ہے ، مہنگائی ہوئی بھی تو بہت معمولی مہنگائی ہوئی ، ایسا زبردست کنٹرول رہا پاکستان بننے کے بعد بھی وہ محکمہ قائم رہا اور لوگوں کو کافی سہولتیں بڑی حد تک میسر رہیں ، قیمتیں آہستہ آہستہ پھر بڑھتی رہیں لیکن آہستہ بڑھیں اور ان پر کنٹرول بھی رہا اور اس کے ساتھ ساتھ لوگوں کی آمدنی بھی بڑھتی رہی ، یہ صحیح ہے کہ آج کا زمانہ ایسا نہیں ہے ، نہ وہ انگریز کی ایڈمنسٹریشن ہے کہ صاف ستھری تھی دیانتدار تھی اور نہ آج آپ وہ civil supplies and price control کا محکمہ کامیابی سے چلا سکتے ہیں ۔ کبھی ایک خبر آ جاتی ہے کہ جی فلاں مجسٹریٹ صاحب نے فلاں دکان پر چھاپہ مارا ، اس کو پکڑ کر لے گئے فلاں ہو گیا ، بات ختم ہو گئی وہ ایک رسمی چیز ہوتی ہے۔

مارشل لاء لگا ، جنرل اقبال صاحب نے وہاں پر لاہور میں ایک پرائس کنٹرول کمیٹی قائم کی ، ازراہ مہربانی انہوں نے مجھے بھی اس کا رکن مقرر کر دیا ، تو جا کر میں دیکھتا رہا کہ جو صاحب اس وقت اس کمیٹی کے انچارج تھے ، چیئرمین تھے ان کو اس میں کوئی دلچسپی نہیں تھی ، حالانکہ اس لاہور میں چکر صرف یہی چل رہا تھا کہ چھوٹا گوشت جو ہے اس کی قیمت سرکار ۱۶ روپے مانگ رہی ہے لیکن قصاب جو ہے وہ اٹھارہ روپے مانگ رہا ہے آج دیکھیں کہ قیمتیں کہاں گئیں ہیں ، ٹھیک ہے کہ اتنا وقت گزر گیا ہے لیکن وقت کے لحاظ سے قیمتیں بہت اونچی گئی ہیں ، آج جھگڑا جو ہے وہ ۳۸ اور ۴۰ روپے کا ہے وہ ۱۶ اور ۱۸ روپے کا نہیں ہے ۔ یہ دولت جو آئی ہے اس طریقے سے اور اس کے ساتھ پھر سمگلنگ کی مکمل آزادی کہ تم جو چاہو کرو اس نے اس ملک کی ساری ہیئت کو بدل کر رکھ دیا ہے ، کیا اخلاقیات اور کیا اس کی اقتصادیات ، کیا اس کی سیاست ۔ ہر چیز بدل گئی ۔

سہراب گوٹھ تو ایک قصہ ہے اب اس ethnic group کا کہنا یا اس

کو پٹھان اور بہاری کی لڑائی کہنا، کچھ خوف کرنا چاہیئے کہ ان طبقوں کو دیکھو کہ جن کی دولت ایسی ہے کہ وہ اربوں تک چلی گئی ہے دیکھتے دیکھتے اور ان ہتھکنڈوں سے جن کی کہ اسی مہذب ملک میں کبھی اجازت نہ دی جائے یہ ہماری تیسری دنیا کی بدنصیبی ہے ہم بھی انہی ملکوں میں سے ایک ہیں لیکن کچھ ملک بہتر بھی ہیں اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ حکومت کا کنٹرول بھی ہے، وہاں پر عوام کا خیال بھی کیا جاتا ہے، ۸۰ فیصدی ۸۵ فیصدی ۹۰ فیصدی صارفین ہیں، ایک چھوٹی سی elite ہے ہیں ان سے کسی سے grudge نہیں ہے کسی چیز کا لیکن ہم یہ کہتے ہیں کہ آپ ارب پتی بن جائیں۔ آپ کھرب پتی بن جائیں لیکن صحیح طریقے سے بنیں، جس سے کہ قوم کو بھی فائدہ ہو، عوام کو بھی فائدہ ہو، آپ کے کارخانوں میں جو مزدور کام کرتے ہیں ان کو بھی فائدہ ہو، لیکن چیز بالکل اس کے برعکس چلی جارہی ہے۔

جہاں تک نفاذ اسلام کا تعلق ہے میں عرض کروں گا کہ اس ضمن میں ہماری ناکامی کس طرح ہے، یعنی ہم نے جن لوگوں سے روشنی لی، جن لوگوں کو ہم اپنا پیرومرشد مانتے ہیں، قائد اعظم کے افکار کا، ان کے کردار کا ذکر کرتے ہیں، کتنے دیانت دار تھے، کتنے انصاف پسند تھے ان کی زندگی میں کوئی تضاد نہیں تھا، ان کی عظمت کی باتیں ساری دنیا مانتی ہے، اس عظمت کی بنا پر اس آدمی نے یہ ملک بنا کر دیا جو دراصل نعمت رب جلیل ہے جس کے آج ہم درپے ہیں کہ اس کو تباہ کر کے رکھ دیں، اقبال رح کو ہم ہر طریقے سے بھول چکے ہیں۔ کلام اقبال کیا ہے۔ اردو میں، فارسی میں۔ قرآن مجید اور حدیث کا ترجمہ ہے جس طرح کہ حضرت رومی کا کلام ہے ؎

مثنوی و مولوی و معنوی
ہست قرآن مثنوی در زبانِ پہلوی

جس طرح کہ وہ فارسی زبان میں سمجھیں کہ قرآن مجید کی تشریح ہے اسی طرح

[Mr. Mumtaz Ahmad Khan]

اقبال نے اردو میں اپنے کلام میں قرآن مجید آپ کے سامنے پیش کیا ہے لیکن ہم اس سے کسی قسم کا سبق لینے کے لئے تیار نہیں ہیں اقبال نے یہ واضح کیا ہے کہ دیکھو جس وقت غربت آتی ہے جیسے کہ خود قرآن مجید کی آیت ہے ، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی حدیثیں بھی ہیں کہ انتہائی غربت میں انسان کا ایمان متزلزل ہو جاتا ہے۔ علامہ صاحب نے فرمایا:-

مرید فاقہ مست گفت باشیخ
کہ یزداں را زحال ما خبر نیست

فاقہ مست مرید نے اپنے پیر سے کہا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پروردگار کو ہماری خبر نہیں ہے" کہ او نزدیک تر از رگِ ما است " یہ ہمارا ایمان ہے کہ اللہ تعالیٰ ہماری شہہ رگ سے قریب تر ہے" ولیک از شکم نزدیک تر نیست" لیکن پیٹ جو ہے وہ اس سے بھی زیادہ نزدیک ہے ، اور خود حضرت بلھے شاہ رحمتہ اللہ علیہ جو پنجابی زبان کے عظیم شاعر ہیں۔ قصور میں ان کے مقبرے پر اللہ کے انوار ہر وقت نازل ہوتے ہیں، پنجابی میں فرماتے ہیں "ڈھڈوں نہ پیاں روٹیاں ، سبھو گلاں کھوٹیاں" اگر آدمی فاقہ سے ہے تو سمجھو کہ باقی سب باتیں غلط ہیں ، اب اتنے بڑے عظیم انسان کہاں سے لائیں گے ۔ آپ کہیں گے کہ انہوں نے پیٹ پر پتھر باندھ کر وقت گزارا ٹھیک ہے ایسے لوگ بھی ہیں لیکن ہر آدمی ایسا نہیں ہو سکتا ، آج جس محرومی کا ہم ذکر کر رہے ہیں اور سہراب گوٹھ جس کی ایک علامت بن کر ابھری ہے وہ محرومی اسی وجہ سے ہے اور اس کی بنیاد مہنگائی ہے اور چیزوں کے علاوہ آپ اس کو یاد رکھیں ۔ یہ ٹھیک ہے کہ جگہ جگہ غلط منصوبہ بندی ہوئی ہے ، کارخانے لگتے چلے جاتے ہیں اور کارخانوں کے لیئے مطالبے کئے جاتے ہیں ، ٹھیک ہے کہ کارخانے لگنے چاہئیں ملک کو ضرور انڈسٹریلائز ہونا چاہیئے لیکن یہ ہے........

**Mr. Javed Jabbar:** Sir, the contention of the honourable member is that this is a price related issue. In fact, this is a law and order issue because the Government is not fulfilling its obligations and

responsibility. I submit that the focuss of the debate must remain confined to law and order.

**Mr. Chairman:** I think, he is explaining the reasons why these incidents are taking place.

**Mr. Mumtaz Ahmed Khan:** I am coming to that.

**Mr. Chairman:** Time is running out. Please try to wind it up.

جناب ممتاز احمد خان : جناب میں عرض کرتا ہوں کہ سہراب گوٹھ کا پیدا ہونا لازمی تھا، جو لوگ سلمز میں رہتے ہیں، آپ ان کے غم و غصہ کو ، ان کی محرومی کو دیکھئے اور پھر ان پر جو وحشت طاری ہوتی ہے وہ اس کا لازمی نتیجہ ہے جب تک ہم ان کی محرومیوں کو دور نہیں کریں گے ، اس قسم کے سہراب گوٹھ اور اس قسم کی چیزیں پیدا ہوتی رہیں گی اور پھر لاء اینڈ آرڈر درہم برہم ہو جائے گا ، یہی میں عرض کر رہا ہوں کہ اس شیطانی مہنگائی نے جو محرومی پیدا کی ہے جس تناسب سے یہ بڑھتی چلی جائے گی ، اسی تناسب سے جرائم بڑھتے چلے جائیں گے ، اسی تناسب سے رشوت بڑھتی چلی جائے گی ۔ اسی تناسب سے اور خوفناک حرکات بڑھتی چلی جائیں گی ۔ میں نے کئی چھوٹے گریڈ والوں سے پوچھا کہ تم لوگ رشوت لیتے ہو ، کئی لوگ رو پڑے ۔ کہنے لگے کہ تم ہمارا بجٹ بنا دو ، ہم اپنے بچوں پر کیا ظلم کریں ، رشوت بھی لیتے ہیں اور روتے بھی ہیں کہ خدا جانے ہمارا حشر کیا ہوگا ۔ یہ ٹھیک ہے کہ ۲۰ ، ۲۱ گریڈ والے مطمئن ہوں گے ۔ چھوٹے گریڈ والے روتے ہیں کہ ہم گنہگار ہیں ، لیکن ہم بچوں کو کیسے بلکتا چھوڑ دیں ان کے لئے ہم کہاں سے روٹی لائیں ، اس لئے میں بار بار عرض کر رہا ہوں کہ سہراب گوٹھ پیدا ہونے کی یہ بنیادی وجوہات ہیں ۔

اس اقتصادی معاملے میں پھر وہ پاکستان دشمن سیاسی لوگ کود پڑے جو لیڈر کہلانے کے قابل نہیں ہیں اس لئے کہ کسی کے ساتھ چار آدمی کسی کے ساتھ پانچ آدمی اور کسی کے ساتھ دو آدمی ہیں ۔ وہ

سیاستدان اپنی تقریریں چھپوا کر اور کسی نہ کسی حیلے بہانے پاکستان کو گالیاں نکال کر اس سیاست میں کود پڑے کہ اس آگ کو اور جلاؤ اور اس آگ کو اور زیادہ تیز کرو۔

**جناب چیئرمین:** بہت بہت شکریہ، ایک آخری مقرر جناب جام تماچی صاحب ہیں۔ اس کے بعد اس موضوع پر یہ عام بحث ختم ہو جائیگی۔

**Haji Akram Sultan:** Mr. Chairman, I am standing on a point of personal explanation if you allow me a minute.

**Mr. Chairman:** I do not think there is any need for that.

**Haji Akram Sultan:** No, Sir, this pertains to industrialists. I would like to bring to his notice and clarify a particular point.

**Mr. Chairman:** I think it is not particularly necessary.

**Haji Akram Sultan:** Sir, the honourable Senator who spoke earlier, he accused the industrialists of certain policies which I would like to correct.

**Mr. Chairman:** I think you have had your chance. If there is any other occasion you can then reply to that particular point.

**نوابزادہ عنایت خان:** دو باتیں مجھے بھی کرنا ہیں۔

**جناب چیئرمین:** اگر اس لیٹ اسٹیج پر وقت ہوا، تو کریں۔

**نوابزادہ عنایت خان:** ہمارے بھائی ہاشم خان کی تقریر پر مجھے ایک دو اعتراضات ہیں۔

**Haji Akram Sultan:** I would also like to point out if you permit me.

**جناب چیئرمین:** میرے خیال میں ہر ایک نے اپنا جو مافی الضمیر تھا، وہ بیان کر دیا ہے، ایک دوسرے کو دلیل پر دلیل دینے کا کوئی جواز نہیں بنتا۔

**قاضی حسین احمد:** جناب والا! آپ نے بھی کہا ہے ہم بھی ان کو ویلکم کرتے ہیں لیکن انہوں نے غیر ضروری طور پر جماعت اسلامی

کو بھی التوا کر دیا ہے، بالکل غیر ضروری۔ ہم ان کی باتوں سے اتفاق کرتے ہیں لیکن مسلم لیگ کا ٹکٹ ملنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ جماعت اسلامی کو غیر ضروری طور پر التوا کر دیں۔

نوابزادہ عنایت خان: جناب والا! میں اس پر تقریر کرنا چاہتا ہوں مجھے موقع دیا جائے۔

جناب چیئرمین: ملک کے معاملات پر بحث ہو رہی ہے ہم میں اتنا حوصلہ، اتنا صبر اور اتنا تحمل تو ہونا چاہیئے کہ دوسرے کی بات خواہ وہ صحیح ہے یا غلط ہے سن لیں، جناب جام تماچی صاحب....

قاضی حسین احمد: صبر کے ساتھ سنی ہے۔

جناب محمد اسحاق بلوچ: جناب والا! میں نے بھی اپنا نام لکھوایا تھا، آپ کہتے ہیں کہ آخری مقرر جام تماچی صاحب ہیں۔

جناب چیئرمین: میرے پاس جو لسٹ ہے، اس میں تو آپ کا نام نہیں ہے، جام تماچی صاحب نے بعد میں یہ چٹ بھیجی تھی، میں اس کی بنا پر ان سے درخواست کر رہا ہوں۔

جناب محمد اسحاق بلوچ: میں نے نام لکھوایا تھا۔

جناب چیئرمین: وقت ہوا تو آپ بھی بول لیں، لیکن پہلے جام تماچی صاحب۔

جناب محمد اسحاق بلوچ: وقت تو انہوں نے لے لیا۔

سردار جام تماچی انار: میں صرف ایک منٹ لوں گا۔

نوابزادہ عنایت خان: جناب چیئرمین صاحب میرا نام بھی لکھیں، میں بھی تقریر کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: اگر وقت ہوا تو، جناب جام تماچی صاحب۔

سردار جام تماچی انار: شکریہ جناب چیئرمین! سب سے پہلے تو میں کراچی کے واقعات پر دلی افسوس کا اظہار کرتا ہوں، اس کے بعد میں وزیر داخلہ صاحب کا انتہائی مشکور ہوں جنہوں نے اس ڈیبیٹ کے

[Sardar Jam Tamachi]

لئے اس ایوان کو دعوت دی ، جناب چیئرمین دیکھنے میں یہ آیا ہے....

جناب چیئرمین : میرے خیال میں چونکہ نماز کا وقت ہو گیا ہے اس لئے اجلاس کو برخاست کیا جاتا ہے - ۱۵ تاریخ صبح دس بجے اجلاس دوبارہ ہو گا - اس میں جو دو تین حضرات رہتے ہیں جناب جام تماچی صاحب ، جناب محمد اسحاق صاحب اور جناب عنایت صاحب ، ان کو موقع دیا جائے گا ، باقی اس سٹیج پر اور تقاریر نہیں ہوں گی -

سردار جام تماچی انار : سر ایک منٹ بول لوں ، تاکہ ختم ہو جائے -

جناب چیئرمین : اگر ہاؤس آپ کو اجازت دیتا ہے تو آپ ضرور بول لیں ، لیکن ایک منٹ میں ختم نہیں ہو گا ، اور اس دن وزیر داخلہ صاحب یا حکومت کی طرف سے اور کوئی سمنگ اپ کرنا چاہتے ہیں ، تو وہ بھی کر لیں گے ، اجلاس کو برخاست کیا جاتا ہے - جمعرات ۱۵ تاریخ دس بجے تک -

---

*[The House adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Thursday, January 15, 1987].*

---

PCPPI—2160(87) Senate—19-7-89—300.